برہسپت کا سنگھ اور کنیا راس کا گوچر پھل

۱۹۹۲ء

گذشتہ سال ۱۴ اگست ۱۹۹۱ء بدھ وار کو گورو کرک راشی میں داخل ہو چکا ہے۔ آئندہ برس ۱۰ ستمبر ۱۹۹۲ء تک برہسپتی گوچر وش اسی راشی کا سنچار کرے گا۔ میش وغیرہ راشیوں پر گورو کا اچھا یا برا گوچر پھل اسی طرح رہے گا۔

سنگھ راشی میں برہسپت کا اثر

راشی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
پھل	لابھ سکھ	دھن نقصان	دھن لابھ	ڈر کشٹ	کشٹ بھے اشبھ	دھن لابھ شبھ	روگ ڈر	مالی نقصان	لابھ سکھ	روگ رنج	لابھ سکھ	بیماری خرچ

نوٹ :- برہسپت گوچر وش جنم راشی سے پہلے بھاو پر بیتھا رہ کشٹ جیسے دھن ہانی وغیرہ اشبھ پھل دیتا ہے۔ مگر کرک راشی میں گورو اونچے پد پر رہنے سے شبھ پھل کرے گا۔ دھیان رہے۔ برہسپت گوچر وش راشی سنچار سے دو ماہ پہلے ہی اپنا اچھا یا برا پھل ظاہر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ وکری۔ است۔ اتی۔ چارگتی اور نیچی حالت میں برہسپتی خاص اچھا اثر نہیں کرتا۔

آئندہ سال ۱۰ ستمبر سے برہسپت سنگھ راشی میں داخل ہوگا اور اس سموت کے آخر تک اسی راشی میں سنچار کرے گا۔ میش وغیرہ راشیوں پر اس کا پھل اس طرح ہوگا۔

برشچک راشی کے راہو کا اثر

آئندہ سال ۱۹۹۲ء میں ۲۹ اکتوبر ۱۹۹۲ء سے راہو برشچک راشی میں کیتو برکھ راشی میں گردش کرے گا۔

کنیا راشی میں برہسپتی کا اثر

راشی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
پھل	بیماری خرچ	دھن کا فائدہ	دھن کا نقصان	دھن کا فائدہ	دشمنی کا ڈر اور خرچ	دماغی تناؤ	دھن کا فائدہ	بیماری تکلیف	دھن کا فائدہ	دھن لابھ مگر خرچ	دکھ تکلیف	دھن کا فائدہ

برہسپت کا اچھا و برا پھل :- برہسپت جن راشی والوں کو شبھ ہوتا ہے انھیں شبھ دیتا ہے انھیں دنیا میں کامیابی سنتان سکھ۔ دھن لابھ۔ ترقی تیرتھ سکھ دھرم کرم میں رچی تقدیر کو جگانے والا ہوتا ہے۔ گورو کے اشبھ پھل والے جاتک کو دنیا میں رکاوٹ وہ ناکامیابی سنتان کے سمبندھی فکر مندی، مان ہانی، دھن کا نقصان دوسرے جسمانی و ذہنی دکھ حاصل، برہسپت کے اشبھ پھل کی شانتی کے لئے۔ برہسپت کا برت کمپراج کا دھارن کریں۔ پیلے کپڑے۔ چنے کی دال کانسی کے برتن سونا۔ شکر۔ کیلے لڈوؤں وغیرہ کا دان اور برہسپت کے بیج منتر یا برہسپت گائیتری منتر کا جاپ ۱۹۰۰۰ کی تعداد میں ودھی پورک کرنا چاہئے۔

راہو کے انشٹ کی شانتی کے لئے تل تیل۔ بھورے رنگ کا کپڑا کمبل۔ گومیدھ۔ ناریل ستناجہ تھا کرشن پشپ وغیرہ کا دکشنا کے ساتھ دان کرنا۔ کلیان کاری رہتا ہے۔ اس کے علاوہ راہو کے بیج منتر کا ۱۸۰۰۰ جپ کرنا شبھ کاری ہوگا۔

خیر اندیش پنالال جیوتشی ایم۔اے۔ مفید عالم جنتری ۱۹۹۲ء جالندھر

شنی ساڑھ ستی۔ ڈھیا اور سونے وغیرہ کا وچار سنہ ۱۹۹۲ء

سنہ ۱۹۹۲ء کے دوران شنی دیو زیادہ تر مکر راشی میں گردش کریں گے۔ شنی کا مکر میں داخلہ پھل: پچھلے سال کی جنتری میں مفصل طور پر چکے ہیں۔ مختصر طور پر مکر وغیرہ راشیوں پر شنی ساڑھ ستی کا پھل دوبارہ لکھ رہے ہیں۔ متذکرہ سال شنی مکر راشی پر ۲۹ مئی سے ۱۶ راکتوبر تک وکری رہے گا۔ اور شنی کی گردش خاص طور پر اور دھینشٹا نکشتروں پر رہے گا۔ خیال رہے کرشن پکھ میں اور وکری شنی کے اثر میں زیادہ طاقتور ہو جاتا ہے۔ اور استی کا بُرا اثر اور زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

دھن راشی :- اس راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی پاؤں پر اترتی ہوئی آخری مرحلہ پر رہے گی۔

مکر راشی :- مکر راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی دل پر یا دوسرے درمیان منزل پر ہوگی۔

کنبھ راشی :- کنبھ راشی والوں کو شنی ساڑھ ستی سر پر چڑھتی ہوئی ارتھاپ پہلی منزل پر ہوگی۔ شنی ساڑھ ستی کے بُرے اثر کے نتیجے طور پر جاتک کو اپنی کوششوں میں ناکامی۔ کام کاج اور کاروبار میں رکاوٹیں۔ نزدیکی بندھوؤں سے من مٹاؤ، جسمانی تکلیف۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ۔ تناؤ بیماری وغیرہ کا سامنا کرنا پڑے گا۔ <u>میتھن و تلا راشی</u> کو شنی کی ڈھیا کا ناقص اثر اس سال بھی رہے گا۔ <u>شنی کی ڈھیا</u> کے زیر اثر جسم میں کشٹ چوٹ وغیرہ کا ڈر۔ دھن کا نقصان مقام میں تبدیلی۔ ڈر اور پوشیدہ فکرمندی کی وجہ سے دل رنج و غم میں مبتلا رہے گا۔ مکر راشی میں گردش کے وقت شنی کا میکھ وغیرہ راشیوں پر اثر

میکھ :- پایا لوہا ہونے سے بہت زیادہ جدوجہد کے بعد میں کوششوں میں کامیابی ہوگی۔ دھن لابھ درمیانہ۔ مقام میں تبدیلی کے یوگ ہیں۔

برکھ :- پایا تانبہ ہے۔ مشکل حالات کے باوجود گزارہ لائق دھن حاصل ہوتی رہے گی۔ نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔

متھن :- شنی کی ڈھیا اور پایا سورن دونوں خراب ہیں، آمدن کم خرچ زیادہ رہے گا۔ کاروبار میں رکاوٹیں۔ گھریلو جھگڑا و جسمانی تکلیف۔ جگہ میں تبدیلی کے یوگ ہیں۔

کرک :- شنی کا پایا چاندی ہونے سے رکاوٹوں کے باوجود آمدن کے ذریعے بنے رہیں گے۔ عورت (استری) کو کشٹ شنی کی نظر ہونے سے دماغی تناؤ و الجھن ہوں گی۔

سنگھ :- پایا لوہا ہونے سے گھریلو تناؤ و الجھن بڑھے گی۔ آمدن درمیانہ، خرچ بڑھے گا۔

کنیا :- شنی کا پایا تانبہ ہونے سے رکاوٹوں کے ساتھ ساتھ گزارہ لائق دھن لابھ رہے گا۔ مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

تلا :- شنی کا پایا چاندی ہونے سے بہت زیادہ جدوجہد کے باوجود دھن پراپتی کے موقع ملیں گے مگر ذہنی تناؤ و الجھنیں بھی بڑھیں گے۔

برشچک :- شنی پایا سورن ہے، بننے کام میں اڑچن پیدا ہو۔ دھن لابھ درمیانہ۔ بے کار کی بھاگ دوڑ زیادہ رہے گی۔

دھن :- شنی ساڑھ ستی کے پایا لوہا ہونے سے ذہنی تناؤ اور ترقی میں رکاوٹیں۔ دھن خرچ زیادہ۔ اپنے پیاروں سے من مٹاؤ۔

مکر :- شنی ساڑھ ستی و پایا سورن ہونے سے بنتے کام میں رکاوٹ۔ کافی آمدنی ہونے پر بھی خرچ زیادہ رہے گا۔ گھریلو کلیش کے کارن تناؤ بھی زیادہ۔

کنبھ :- اگر شنی ساڑھ ستی ہے مگر پایا تانبا ہونے سے مشکلات کے باوجود کاریہ سدھی نامکمل تناؤ ادھک رہے۔ دھن لابھ درمیانہ۔

مین :- شنی کا پایا چاندی شبھ ہوگا۔ لابھ و ترقی کے یوگ ہیں۔ نئے کام کا منصوبہ بنے گا۔

شنی کے ناقص اثر کی شانتی کے لئے

شنی کے بیج منتر یا ویدک منتر کا بالترتیب ۲۳ ہزار جاپ کرنا پھر دسویں (حصہ) کے ہون کرنا چاہیے۔ شنی وار کے دن برت۔ سات اناجوں کا دان مچھلیوں کو آٹا ڈالنا۔ آڑد کالے کپڑے، تل، تیل۔ کالی گائے۔ جوتے وغیرہ کا دان کرنا شنی ہنومان جی کی اپاسنا و تیل کا چھایا پاتر کروانے سندھور وغیرہ چڑھانے اور تیل کا چھایا پاتر کروانے سے شنی کے نقصان دہ پھل کا توازن ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی شبھ مہورت میں نیلم دھارن کرنا تھا شنی جنتر سے بھی لابھ ہو سکتا ہے۔ ہمارے دفتر میں ودھی پورک تیار شدہ شنی جنتر ملتے ہیں جو -/105 روپے وکشنا بذریعہ منی آرڈر منگوا سکتے ہیں۔

شنی کے ویدک منتر

ओं शन्नो देवी रभीष्टय आपो भवन्तु पीतय
शंयो रभि स्रवन्तुनः ॥

"ॐ शं शनैश्चराय नमः"

زیادہ جانکاری کے لئے۔ اپنا جنم سمے تاریخ ماہ ورش وغیرہ بھیج کر اپنا ورشی پھل بنوائیں فیس -/121 روپے پیشگی منی آرڈر کے ذریعے بھیجیں۔ پنڈت پنالال جیوتشی اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر-8

بقیہ صفحہ نمبر 8 کا باقی

میں مجبور ہوں وہ اپنے گرہ تو اس میں ہی شری گنگا یمنا۔ سرسوتی وغیرہ کے کچھ پاک جل کا انتظام کر کے تیرتھادکوں کا دھیان کر کے جپ تپ دان وغیرہ نیک کاموں کی شروعات کر سکتے ہیں

کُنبھ مہا پرب ناسک :-

نوٹ: جنوت ۲۰۴۹ میں ۲۸ راگست سنہ ۱۹۹۲ء بھادر ید اماوس شکروار کو سنگھ راشی پر سورج برہسپتی اور چاند تینوں گرہوں کا ایک راستہ بننے کے سبب اس سال ۸ ستمبر سنہ ۱۹۹۱ء کی جنوت (۲۰۴۸) کی طرح ہی گرہ کی حالت بن رہی ہے

ادیہ -

دیئے ہوئے گرہ یوگ کے مطابق سمت ۲۰۴۹ میں بھادر ید کرشن تمش کو اماوس کے مطابق ۲۸ راگست سنہ ۱۹۹۲ء کو بھی ناسک گوداوری تٹ پر اشنان جپ تپ یا دی یا کنبھ پرب کے سندرشن ہی یوں نہ آدمی کا مہا [illegible]

بقا کا کی مع پنڈت پنالال جیوتشی

سورج منگل وغیرہ گرہوں کا داخلہ راس سنہ ۱۹۹۲ء

داخلہ راس سورج

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۱۴ر جنوری	مکر	۲۱ - ۴۵
۱۳ر فروری	کنبھ	۱۰ - ۴۵
۱۴ر مارچ	مین	۷۰ - ۴۱
۱۳ر اپریل	میکھ	۱۶ - ۱۶
۱۴ر مئی	برکھ	۱۳ - ۸
۱۴ر جون	متھن	۱۹ - ۴۵
۱۶ر جولائی	کرک	۶ - ۴۰
۱۶ر اگست	سنگھ	۱۵ - ۵
۱۶ر ستمبر	کنیا	۱۴ - ۵۸
۱۶ر اکتوبر	تلا	۲۶ - ۵۴
۱۵ر نومبر	برشچک	۲۶ - ۴۰
۱۵ر دسمبر	دھن	۱۷ - ۱۵

داخلہ راس منگل

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۱۰ر فروری	مکر	۴ - ۵۵
۲۰ر مارچ	کنبھ	۷ - ۹
۲۷ر اپریل	مین	۲۴ - ۱۷
۶ر جون	میکھ	۱۱ - ۳۶
۱۷ر جولائی	برکھ	۲۳ - ۷
یکم ستمبر	متھن	۲۰ - ۵۰
۳ر نومبر	کرک	۲۴ - ۷
۲۹ر نومبر	وکری (کرک میں)	
۲۲ر دسمبر	متھن	۲۲ - ۲۹

داخلہ راس بدھ

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۵ر جنوری	دھن	۱۷ - ۱۴
۲۶ر 〃	مکر	۴ - ۲۹
۱۲ر فروری	کنبھ	۲۵ - ۱۸
۲۹ر 〃	مین	۹ - ۱۳
۷ر مئی	میکھ	۱۰ - ۵۰
۲۳ر 〃	برکھ	۲۷ - ۴۲
۶ر جون	متھن	۲۴ - ۱۰
۲۲ر 〃	کرک	۲۷ - ۲۶

۲۰ر جولائی سے وکری

۱۳ر اگست سے مارگی

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۳۰ر اگست	سنگھ	۲۷ - ۴۷
۱۵ر ستمبر	کنیا	۲۴ - ۵۰
۱۳ر اکتوبر	تلا	۱۴ - ۴۸
۲۴ر 〃	برشچک	۱۵ - ۷

داخلہ راس بدھ

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۱۱ر نومبر	وکری ہوگا	
۲۷ر نومبر	تلا	۱۱ - ۳۵
یکم دسمبر سے مارگی		
۵ر دسمبر	برشچک	۱۷ - ۸
۲۹ دسمبر	دھن	۱۶ - ۵۵

داخلہ راس برہسپت

۳۰ر اپریل سے مارگی

(سنگھ راشی میں مارگی)

۱۱ر ستمبر کنیا میں داخل ۱۶ - ۴۵

داخلہ راس شکر

تاریخ	داخلہ راس	گھنٹے منٹ
۲۰ر جنوری	دھن	۱۰ - ۱۴
۱۳ر فروری	مکر	۲۰ - ۳۶
۸ر مارچ	کنبھ	۲۷ - ۵۸
۲ر اپریل	مین	۱۱ - ۶
۲۶ر 〃	میکھ	۱۹ - ۲۷
۲۱ر مئی	برکھ	۴ - ۴۳
۱۴ر جون	متھن	۱۴ - ۳۸
۸ر جولائی	کرک	۲۴ - ۴۰
۲ر اگست	سنگھ	۱۰ - ۸
۲۶ر اگست	کنیا	۱۹ - ۳۹
۲۰ر ستمبر	تلا	۶ - ۴۲
۱۴ر اکتوبر	برشچک	۱۹ - ۴۶
۸ر نومبر	دھن	۱۳ - ۳۵
۳ر دسمبر	مکر	۱۵ - ۵۵
۲۹ دسمبر	کنبھ	۱۴ - ۵۰

داخلہ راس سنیچر

سنیچر تمام برس مکر راشی میں ہی گردش کرے گا۔

۲۹ر مئی سے وکری (مکر میں)

۱۷ر اکتوبر کو مارگی۔ (مکر میں)

راہو

۲۹ر اکتوبر سے برشچک میں ۲۷ - ۳۰

کیتو

۲۹ر اکتوبر سے برکھ میں ۳۰/۲۷

یورنیس - نیپچون

دونوں گرہ سال کے آخر تک دھن راشی میں ہی گردش کریں گے۔
نیپچون وکری ہوگا ۲۱ر اپریل۔

پلوٹو

پلوٹو گرہ تمام سال تلا راشی میں گردش کرے گا۔
۲۶ر فروری سے وکری یکم اگست کو مارگی ہوگا۔

گرہوں کا طلوع و غروب

منگل

سنہ ۱۹۹۲ء میں غروب نہیں ہوگا

بدھ

تاریخ		
۲۳ر جنوری	پورب میں	غروب
۲۸ر فروری	طلوع	مغروب
۱۹ر مارچ	غروب	〃
۳ر اپریل	طلوع	مشرق
۲۰ر مئی	غروب	〃
۱۲ر جون	طلوع	مغرب
۲۶ر جولائی	غروب	〃
۱۱ر اگست	طلوع	مشرق
یکم ستمبر	غروب	〃
۲ر اکتوبر	طلوع	مغرب
۱۶ر نومبر	غروب	مغرب
۲۸ر نومبر	طلوع	مشرق

برہسپت

تاریخ		
۳ر ستمبر	غروب	مغرب
۵ر اکتوبر	طلوع	مشرق

شکر

۱۱ر مئی غروب

۵ر جولائی طلوع

سنیچر

۱۴ر جنوری غروب

۱۵ر فروری طلوع

گرہوں کا وکری مارگی

منگل

۲۹ر نومبر سے وکری (کرک میں)

۱۵ر فروری سنہ ۱۹۹۲ء کی مارگی۔

بدھ

تاریخ		
۱۷ر مارچ	وکری	(مین)
۱۹ر اپریل	مارگی	(〃)
۲۰ر جولائی	وکری	(کرک)
۱۳ر اگست	مارگی	(〃)
۱۱ر نومبر	وکری	(برشچک)
۱ر دسمبر	مارگی	(〃)

برہسپت (سنگھ)

۳۱ر دسمبر (سنہ ۱۹۹۱ء) وکری

۳۰ر اپریل سے مارگی

شکر

سال سنہ ۱۹۹۲ء میں وکری نہیں ہوگا

سنیچر

۲۹ر مئی سے وکری (مکر میں)

۱۷ر اکتوبر کو مارگی (مکر میں)

نیپچون

۲۱ر اپریل سے وکری (دھن)

۳۰ر ستمبر مارگی (دھن)

یورنیس

۲۳ر اپریل سے وکری (دھن)

۲۴ر ستمبر سے مارگی (دھن)

پلوٹو

۲۶ر فروری وکری (تلا)

یکم اگست سے مارگی (تلا)

اگستیہ طلوع و غروب

۲۰ر اپریل سے غروب

۳ر ستمبر سے طلوع

گرہوں کے مطابق سال سنہ ۱۹۹۲ء کی خاص پیشن گوئیاں

گذشتہ برسوں کی پیشن گوئیاں جو درست نکلیں :- سنہ ۱۹۸۴ء میں صفحہ ۶ کالم پر مرکزی وزارت میں اچانک تبدیلی اور بہت سے مقامات پر دنگے فساد کی وارداتیں ہونا اور کسی اہم لیڈر کی اچانک وفات سال کے دوسرے حصے میں آتشزنی ہوائی حادثہ پیش آئے۔ کسی اہم سیاسی لیڈر کی کی اچانک موت کے یوگ (جیسا کہ پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کے قتل سے ثابت) صفحہ ۶ کالم ۲ پر ۔

سنہ ۱۹۸۵ء میں سال کے اول نصف میں مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہونا ۔ ماہ اگست ستمبر میں بہار ۔ پنجاب میں زیادہ بارش کے یوگ جانی و مالی نقصان ہونا صفحہ ۱۳ کالم پر) سنہ ۱۹۸۶ء کے دوران ہریانہ میں مخالف پارٹیوں کا بھجن لال کی حکومت کو گرانے کی بھرپور کوشش کرنا اور جموں کشمیر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا اثر و رسوخ بڑھ جانا صفحہ ۱۳ کالم ۲ پر دیکھیں ۔ اور جموں کشمیر میں توڑ پھوڑ آگ زنی اور قاتلانہ وارداتیں ہونا ۔

سنہ ۱۹۸۷ء کی جنتری میں سال کے نصف میں کم بارش کی وجہ سے قحط کے حالات اور پنجاب ۔ ہماچل ۔ ہریانہ میں فصلوں کو سوکھے سے نقصان سنہ ۱۹۸۸ء کی مفید عالم جنتری میں پاکستان کے صدر کی اچانک ہونے والی موت کے متعلق صاف طور پر پڑھیں ۔ دیکھیں صفحہ ۱۸ کالم پر ۔ اسی صفحے پر پڑھیں ۔ پنجاب کے دہشت گردی ۔ توڑ پھوڑ اور خونی حادثات پیش آئے گے ۔

سنہ ۱۹۸۹ء کی جنتری میں ۱۸ اگست سنہ ۱۹۸۹ء سے سنگھ راشی پر سورج کیتو کی کلاتمک یوتی ہونے سے بھارت کے سیاسی ادارے میں زبردست تبدیلیاں ہوں گی ۔ پنجاب کا مسئلہ اندرونی طور پر ابھی سلگتا رہے گا صفحہ ۱۵ پر ۲۳ ستمبر کے بعد مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہوں گی صفحہ ۱۸ کالم پر ۔

جنوری سنہ ۱۹۹۰ء سے چھ گرہی نشول یوگ ہونے سے پوربی دیشوں جیسے برما ۔ جاپان ۔ پاکستان ۔ بھارت وغیرہ دیشوں میں ان چاہے طور میں سیاسی ردوبدل ہونا اور صفحہ ۱۵ کالم ۱ ۔ پر مکر راشی پر شنی راہو کا یوگ سال کے پہلے حصے میں بھارت کا سیاسی ماحول میں زبردست تبدیلیاں ہونا کسی بڑے نیتا کے برخاست ہونے کے یوگ ۔ پنجاب سمسیا بیچ لٹکتی رہنا ۔ ہنسک گھٹناؤں کا چکر صفحہ ۱۶ کالم ۲ پر ۔ جموں و کشمیر و ہماچل پردیش پنجاب ۔ ہریانہ ۔ دہلی وغیرہ پردیشوں میں حکمران پارٹی (کانگرس آئی) کے وقار کو بھاری نقصان پہنچنا صفحہ ۱۶ کالم ۱ ۔ پر)

سنہ ۱۹۹۱ء کی جنتری صفحہ ۱۵ پر پڑھیں جس سال میں سورج خود ہی راجہ اور خود ہی ہوتا ہے تو اس برس فائدہ مند بارش کی کمی ہو گی فصلوں کو نقصان دیگر بیماریوں میں اضافہ اور کسی اہم شخصیت کی اچانک موت ہونا ۔ صفحہ ۱۵ پر ہی دیکھیں کہ تیل اور پٹرولیم کے نرخوں میں اضافہ ۔ سال کے نصف حصہ میں بھارت اور پاکستان وغیرہ ممالک میں حکومت کی لیڈرشپ میں تبدیلی ہونا صفحہ 16 اور صفحہ 17 کالم 2 پر پڑھیں سوویت روس کے پرشاسن (حکومت) میں اہم تبدیلیاں نمایاں ہوں گی، اور پاکستان میں سنہ ۱۹۹۱ء کے سال میں بے نظیر بھٹو کا دوبارہ حکومت میں آنا ابھی ممکن نہیں ۔ صفحہ 17 ، جموں و کشمیر میں فسادات قتل و غارت وغیرہ، وارداتوں میں اضافہ ہوتا (صفحہ ۱۹ کالم II) پر بہت سی پیشن گوئیاں خود منہ بولتی تصویریں ہیں جو پرماتما کی مہربانی سے درست ثابت ہوئی ہیں ۔ ویسے ایشور کے سوا برہمانڈ میں سب کچھ جاننے والا تو خود پرماتما ہی ہے —— از :- پنا لال جیوتشی ۔ ایم ۔ اے ۔

گرہوں کی آسمانی کونسل کا دنیا پر اثر سنہ ۱۹۹۲ء

بکرمی سمت ۲۰۴۹ گرہ پریشد (آسمانی کونسل) کے دس عہدے داروں میں سے پانچ عہدیدار نیک شگن گرہوں کو ملے ہیں اور گرہوں کو پانچ عہدے حاصل ہوئے ہیں ۔ درجہ کا ادھیکار ناقص گرہ شنیچر کو ملا ہے اور منتری کا گرہ چندرماں کو ملا ہے، گرہوں کے پھل کے مطابق لوگوں کے سکھ سادھنوں میں ترقی ۔ ترقی کے باوجود عام لوگوں میں روگ، پوشیدہ بیماریاں ۔ دنگہ فساد کا ڈر رہے چینی کا ڈر زیادہ رہے گا ۔ قحط زلزلہ ۔ خشک سالی ، زمین کا پھٹنا اور سیلاب سے جانی مالی نقصان کا ہونا ۔ غلہ کا مالک منگل ہونے سے چاول گنا ۔ گھی تیل پٹرولیم چیزوں میں خاص تیزی رہے گی ، اناج کی پیداوار اچھی ہونے کے باوجود دھان سب طرح کی دالیں ۔ کپاس ۔ روئی تیل السی تانبہ سونا ۔ پیتل کاغذ لوہا ۔ چاندی ، جست کے بھاؤ میں تیزی آئے گی ۔

داخلہ برس پرویش جگت لگن اور دنیا کے حالات

نو ورش پرویش کنڈلی ۴۳/۱۰

۲	۴
۱	۳ کیتو
۵	۱۲ سورج چندرماں بدھ شکر
۶	۱۱ منگل
۹ نیپچون یورینس راہو	۷ پلوٹو
۱۰ سنیچر	۸

نو ورش پرویش :- چیتر کرشن اماوس شکروار کو ۱۰ گھڑی ۴۳ پل پر مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۹۹۲ء کو مستقل لگن میں نئے سمت ۲۰۴۹ کا شبھ (نیک) سال شروع ہو گا ۔ برس لگن میں کیتو کا ہونا اچھا نہیں ہے ۔ لگن بھاؤ پر یورینس اور نیپچون کی اکٹھی نظر سنسار کے سیاسی حالات میں آزادی کی لہر چلے گی ۔ دسویں بھاؤ میں سورج چندرماں وغیرہ چار گرہوں کا یوگ سنسار کے خاص ممالک جیسے روس ، یوگوسلاویہ میں ایک سنگٹھن پرنالی ، وغیرہ ممالک میں آزادی یعنی اندرونی بدلتے دور دیکھنے کو ملیں گے کمیونسٹ پارٹی کے کٹڑوادی سدھانتوں پر لوک تنتر طاقتوں کا پر اثر بھاری پڑے گا ۔ اور انیک سماج وادی راشٹر لوک تنتریہ پرنالی کی اپنی نجی سوتنترتا کا پریچے دیں گے ۔ سنسار کی راج نیتک میں نئے قانون نمایاں ہوں گے ۔ (دسویں) بھاؤ میں چار گرہوں کا یوگ ہوتے سے سنیچر کی خاص نظر ہے ۔ دنیا کے بہت سے ممالک آزادی کی لہر میں شامل ہو جائیں گے ۔ پرانے معاہدے ختم ہوں گے اور نئے معاہدے منعقد کئے جائیں گے، سلووینیا ، لیتھو مانیا ۔ جن جریا ۔ بلغاریہ رومانیہ چیکوسلواکیہ کروایشیا وغیرہ ملکوں میں اندرونی دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی دنیا کے بہت سے ملکوں میں اچانک حکومت اُلٹنے کے یوگ ہیں ۔ اور لڑائی کے بھی امکان بڑھیں گے یورپ میں فصلوں کے نقصان اتر جنوبی حصوں میں بارش کا اضافہ رہے گا ۔

جگت لگن کنڈلی

سمت ۲۰۴۹ میں چیت شدی ایکادشی تتھی سوموار کے مطابق ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۹۲ء کو ۲۵ گھڑی ۲۵ پل شام کے ۴ ۔ بجکر ۱۶ منٹ پر سنگھ لگن ۔ کھا سورج میکھ راشی میں داخل ہو گا

جگت لگن میں چندرماں برہسپتی کا نیک بخت یوگ ہے اس پر منگل کی درمیانی درجہ کی نظر پڑھ رہی ہے اور برہسپتی کی اپنی نیک نظر دوسری جگہ سورج پر رہی ہے۔ نتیجتہً دنیا بھر میں امن کی بات چیت وقت پر ظاہر ہوگی تانا شاہی طاقتوں کو اس کا سامنا کرنا پڑے گا۔

جگت لگن کنڈلی ۲۹-۳-۱۹۹۲ء ۲۵ گھڑی ۲۵ پل

۵ چندرماں برہسپت
۴
۳ کیتو
۶
۷ پلوٹو
۸
۲
۹ نیپچون یورینس
۱۰ سنیچر
۱۱ منگل
۱۲ بدھ شکر
۱

لامذہب والی حکومتیں جیسے یوگوسلاویہ روس اور دیگر چھوٹے چھوٹے ملک اپنی آزادی کا نقارہ بجادیں گے۔ بہت سارے یورپی ملک ان کی آزادی کو تسلیم کریں گے راج دو لوں کا تبادلہ ہوگا۔ دوسرے خزانے کا مالک بدھ پنچ راشی میں ہونے سے دنیا کے بہت سے ترقی والے ملکوں میں بھارت پاکستان سری لنکا بنگلہ دیش افغانستان یوگوسلاویہ برما و مالدیپ مورشش نیپال ہنگری سلوینیا۔ لی تھوانیا۔ جانیجریا۔ بل گاریہ۔ رومانیہ کروایشیا۔ چیکوسلواکیہ ملکوں کے حالات ڈانواں ڈول ہو جائیں گے۔

گرہ پھل اور مسلم ممالک

جس بعض مسلم برس میں شکر گرہ کا سوامی ہوتا ہے اس سال راجہ اور پرجا میں آپس میں تناؤ بنا رہتا ہے۔ حکومت اور پبلک کے درمیان آپس میں ٹکراؤ رہے گا۔ نیا سن ۳ر جولائی دن شکروار کو شروع ہوتا ہے پاکستان بنگلہ دیش عرب ایران افغانستان عراق لبنان اور دوسرے مسلم ملکوں میں دنگے فساد آتش زدگی اور توڑ پھوڑ اور سیاسی حادثات کی وارداتیں زیادہ رہیں گی۔ کچھ ملکوں میں مخالف پارٹی سرکار کا تختہ اُلٹانے کی کوشش کرے گی۔ فوجی کارروائیاں سخت ہوں گی۔ مخالف ملکوں میں لڑائی کے حالات بنیں گے۔ بھرشٹا چار اور بُرے کام زیادہ ہوں گے۔ رعایا خوف و ہراس میں رہے گی توڑ پھوڑ مار کاٹ کی وارداتیں بہت ہوں گی۔ ورش کا مالک شکر چھٹے بھاؤ میں اَست و غروب ہو جانے کی وجہ سے عام لوگوں میں جدا ہونے کی بھاؤنہ رہیگی، ۴ ستمبر ۱۹۹۲ء کو منگل کیتو اکٹھے ہونے سے پاکستان مصر اور مسلم ملکوں پر بُرا اثر پڑے گا اس سال ۲۱ جون ۱۹۹۲ء کو شام کے ۷ بجکر منٹ پر دھن لگن میں سورج آردرا نچھتر میں داخل ہوگا۔ لگن بھاؤ میں راہو اور ساتویں میں کیتو سورج شکر، بدھ چتر گرہی یوگ ہونے سے کہیں اچھی بارش کی کمی رہے گی کہیں بھاری بارش کی وجہ سے باڑ کا اثر ہوگا۔ مئی جون میں مہاراشٹر۔ گوا۔ سکم۔ آسام تریپورہ پردیشوں میں بارش کے حالات رہیں گے لگن بھاؤ پر برہسپت کی پنچم نظر اچھا پھل دینے والی ہوگی بھارت کے اُتری صوبوں میں کچھ دیر سے اچھی بارش ہوگی۔

آردرا پرویش اتوار کو ہونے سے گائے بھینس وغیرہ چوپایوں کا نقصان ہو لیکن چیجیں سستی ہونے سے بازار میں روپیہ پیسے کا پھیلاؤ زیادہ رہے۔ عام آدمیوں کو تھوڑا سکھ ملے۔ چھوٹے کاموں میں ترقی ہو۔ آردرا لگن بھاؤ میں اگنی تتو یعنی دھان راشی ہونے سے بھارت میں مانسون کی بارش دیر سے شروع ہوگی۔

جگت لگن کے ذریعہ اپنا یا دش کا شبھ اشبھ وچار

جنم کنڈلی میں اپنی جنم اور

اپنی مشہور راشی جس بھاؤ میں ویسا ہی نتیجہ ملے گا جگت کنڈلی کے ۱۲ بھاؤوں کو سمجھ کر بن اسمتت شبھ یا اشبھ گرہوں کے حالات کے مطابق اچھا پھل جانیئے جلد ہی آپ کی راشی جگت میں اشبھ گرہوں سے یکتت ہو یا بُرے گرہ دیکھتے ہوں جگت لگن کے چھٹویں اور آٹھویں یا بارہویں بھاؤ میں پڑھتے ہوں تو اگلے سال رُدگ سوگ چھپے دشمن کا ڈر فضول خرچی دھن کا نقصان یا آمدنی کم رہتی ہے اشٹ دیو کا زیادہ جپ پاٹھ کرتا اور اپنی حسب توفیق اناج کپڑا اور دکشنا کا دان کرنا نیک شگون ہوگا۔

گوچر گرہوں کی دشا اور دنیا کے حالات ۱۹۹۲ء

برس پرویش جگت لگن دوسرے گوچر گرہوں کی تیز رفتار سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ آئندہ سال دنیا کے بہت سے ملکوں کا سیاسی و سماجی ڈھانچہ ڈاماڈول اور تناؤ سے بھرا رہے گا۔ کٹر وادی کمیونزم سدھانت وادی کو بھاری دھکا لگے گا۔ نئے سال کی کنڈلی اور جگت کنڈلی دونوں میں سوویت سنگھ کی اثر دار راشی کنبھ کر ودھ گرہ منگل کے ساتھ ہے اور راشی پتی سنیچر بھی سال کے شروع میں ۲۹ رمئی سے الگ ہو جائے گا۔ اور اس کے خیالات سے پر اثر صوبہ یوگوسلاویہ۔ جرجان۔ بلگاریہ۔ چیکوسلاواکیہ نطابیہ لیتھوانیہ رومانیہ۔ جتونیاں، مول داویا کروسیہ بہت سے جمہوری دیش آزادی کا نقارہ بجا دیں گے۔ نیپچون و یورینس اپریل سے ہی الگ چل رہے ہیں۔ نیتجتاً ایشیا اور امریکہ راشٹر بھی انقلاب کے طوفان سے متاثر ہو جائیں گے۔ سوویت سنگھ موجودہ کچھ ممالک اور انوکھی تبدیلیاں دیکھنے کو ملے گی۔ سیاسی طور پر سنجگت سوویت سنگھ میں بٹوارے کا کام بہت تیزی سے شروع ہو جائے گا۔ اور کنبھ راشی کے سنیچر میں روس کی موجودہ حالت میں دشواریوں میں پھیلاؤ آجائیگا روس ماسکو کے کسی خاص نیتاؤں کے بدلنے کے حالات ہیں۔ الگ ہوئی جمہوریوں کے ساتھ آپسی آر تھک پرمان سندھیاں پہلے کی طرح سے کامیاب نہ ہونے کی وجہ سے کچھ جمہوریوں کے درمیان ٹکراؤ اور اور جنگ کی خبریں ملیں گی۔ بہت سے ملکوں سے بنا کسی وجہ روس کی نقصان سے ملکی سیاست کو گہرا دھکہ لگے گا۔

دنیا کے کچھ اہم ممالک

دنیا کے بہت سے ملک جیسے بھارت نیپال افغانستان۔ امریکہ پاکستان کوریا وغیرہ کئی سیاسی تبدیلی سے خاص طور سے متاثر ہوں گے۔ جرمنی رومانیہ، بلغاریہ وامریکہ برطانیہ ہنگری فرانس وغیرہ آزاد ملک وغیرہ جمہوریوں کو پوری مدد دیں گے۔ آزادی کی لہر اس طوفان میں اتھل پتھل میں روس کی کمیونسٹ پارٹی میں خاص تبدیلی آئے گی۔ دنیا کے بہت سے صوبوں کے درمیان نئے پلان یعنی اسکیمیں بنیں گی جگت کنڈلی میں کیندر استھان یعنی مرکزی مقام میں چندرماں برہسپتا کے حالات اور کنبھ راشی پر اس کی اچھی نظر ملک میں امن کے لئے بھی کوشش کی جائے گی۔ ۲۱ر جون کو سورج کیتو کی حکمرانی اور ۲۳ر اگست سے برہسپتی شکر حالات ہونے سے رومانیہ و کروسیہ روس یوگوسلاویہ، عراق چین امریکہ کے کچھ علاقوں میں جنگ و اندرونی دشمنی اور نفرت کے دھماکے کے حالات پائے جائیں گے۔ اسرائیل لبنان بھارت۔ پاکستان اور

افغانستان افریقہ دیگر اور کچھ ملکوں میں جنگ بھکمری سوکھا واکال پڑنے کے آثار ہیں ۶ ستمبر کو منگل کیتو کے اثرات نمایاں ہونے سے کچھ ملکوں میں قتل وغارت اور بم دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں گی۔ کہیں کہیں ٹکراؤ سرد جنگ آرتھک سنکٹ راج نیتک میں انقلاب آئے گا آگ زنی اور توڑ پھوڑ کی وارداتیں ہوں گی۔ ۷ ستمبر کی کنیا راشی پر چار گرہوں کے ملاپ ہونے سے بھارت۔ پاکستان۔ ایران۔ بنگلہ دیش۔ سری لنکا، دکھشنی افریقہ۔ لبنان اور کسی حد تک راجیہ وغیرہ میں قتل وغارت اور جنگ کے آغاز نمایاں ہوں گے۔ دنیا کے کثیر ملکوں کو بہت سے آرتھک مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جس سے ان کی اندرونی حالات بگڑ سکتے ہیں۔ کئی ملکوں کی سیاست اور آرتھک نیتی میں دنیا کا خزانہ اور سنجو جگت راشٹر سنگھ کا اہم بھی یوگ دان رہے گا۔ ترقی والے صوبوں کے درمیان نئے نئے راج نیتک مسئلے موجود ہوں گے۔ گرہوں کے حالات کے مطابق اس برس نئی طاقت کی لہر آئے گی لوگ تنتریہ طاقت مضبوط ہوگی۔ دنیا کے بہت سے دوسرے ادھیکار میں آزاد ملک اپنی آزادی کی لڑائی میں آگے رہیں گے۔

گرہ گوچر اور دنیا کے حالات

جگت لگن اور نئے برس کی داخلہ کنڈلی اور آسمانی کونسل میں مقیم گرہوں کے مطابق پتہ چلتا ہے کہ آئندہ سال دنیا کے اہم ممالکوں کے سیاسی انتظامات میں تبدیلیاں آئیں گی لا مذہب کٹر وادی دہشت پسند طاقتوں کو گہرا دھکا لگے گا۔ نئے سال کی کنڈلی اور جگت کنڈلی دونوں میں سوویت سنگھ کی زیر اثر راشی کنبھ منگل کی وجہ سے بری ہے۔ راشی کا راجہ سنیچر بھی ابتدائی برس سے الگ ہو جائے گا۔ سوویت سنگھ اور اس کے خیالات سے متاثرہ حکومتیں یوگوسلاویہ۔ جرجیا۔ بلگاریہ۔ چیکوسلاویہ تنادیا لیتھونیا۔ رومانیہ۔ استھونیاں۔ مولڈاویا۔ کروایشیا وغیرہ سب پڑوسی ممالک اپنی آزادی کی منادی کر دیں گے۔ نیپچون۔ یورینس اپریل سے ہی الگ چل رہے ہیں۔ نتیجتاً یورپ۔ ایشیا اور بہت سے افریقی ممالک بھی (انقلاب) کی آندھی سے محروم نہیں رہیں گے۔ سوویت سنگھ کے موجودہ حالات میں کچھ خاص نئے ردوبدل دیکھنے کو ملیں گے۔ سیاسی طور پر سوویت سنگھ میں بٹوارے کا کام بڑی تیزی سے شروع ہو جائے گا۔ اور کنبھ راشی کے شنی میں روس کی موجودہ تبدیلیوں میں ٹھہراؤ آ جائے۔ روس ماسکو کے لیڈروں میں خاص تبدیلیوں کے یوگ ہیں۔ الگ ہوئے پڑوسی ممالک کے ساتھ لگاتار معاہدے (کامیاب) پورے نہ ہونے سے کچھ پڑوسی ممالکوں سے ٹکراؤ اور فوجی جھڑپوں کی خبریں ملیں گی۔ بہت سے پڑوسی ملکوں سے مخالفت کے سبب روس کی سیاسی حکومت کو گہرا دھکا لگے گا۔ اندرونی فوجی بغاوت بدامنی سیاسی ردوبدل (چھینگ منگ) آگ زنی اور توڑ پھوڑ کی وارداتیں ہوں گی۔ ۷ ستمبر کو کنیا راشی پر چترگرہی یوگ سے بہت سے ممالک جیسے بھارت۔ پاکستان۔ ایران بنگلا دیش۔ سری لنکا۔ روس اور ارد گرد کی ممالکوں میں تباہی اور بربادی کے آثار نمایاں ہوں گے جس سے ان کے اندرونی حالات بگڑ جائیں گے اندرونی سیاست میں عالمی خزانچی منیکت راشٹر سنگھ کا اہم یوگدان ہوگا۔ ترقی پسند ملکوں کے تعاون سے سیاسی اکھڑے قائم ہوں گے۔ گرہ حالات کے مطابق اس برس دنیا میں نئی خوشی کی لہر چلے گی جمہوری طاقتوں کا اقبال بلند ہوگا۔ دنیا کے بہت سے غلام ممالک اپنی آزادی کی لڑائی کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

دنیا کے کچھ اہم ممالک

امریکہ: اس کی زیر اثر راشی مکر ہے نئے برس میں (کو) مکر لگن ہی طلوع ہے اور اس کی زیر راشی منافع میں مقیم ہے۔ دنیا کے سیاسی رنگ منچ پر امریکہ کے سیاسی اثرات پڑیں گے۔ دوہری پالیسی کے ذریعے اپنی، مخالف حکومتوں کے ساتھ نئے میل جول قائم کرے گا۔ دنیا میں جمہوریت قائم کرنے کی آڑ میں سیاسی میل جول میں اضافہ کریگا۔ بدامنی اور عالمی امن کے نام پر اپنا زیر اثر بڑھائے گا۔ عرب ممالک لبنان۔ اسرائیل جنوبی افریقہ سوویت سنگھ وغیرہ ملکوں میں اندرونی طور پر دخل اندازی کریگا۔ پوشیدہ طریقہ سے پرماتو ہتھیاروں کا بنانا جاری رکھے گا۔

سوویت روس: اس کی زیر اثر راشی کنبھ ہے داخل برس اور جگت لگن کنڈلی دونوں میں اس کی راشی پر بدگرہ منگل مقیم ہے۔ ۲۹ مئی سے راشی کا راجہ شنی بھی الگ ہو جائے گا۔ گرہ یوگ کے مطابق سوویت سنگھ موجودہ سرکار میں تبدیلیاں ہوں گی۔ زبردست سیاسی اتھل پتھل ہوگا میخائیل گورباچوف کو گہری ٹھیس پہونچے گی بورس یے لتسن کی شہرت بڑھے گی۔ سوویت سنگھ اور کمیونزم پارٹی کے اصولوں میں ردوبدل کیا جائے گا۔ اکٹھے ہو کر نئے ڈھنگ سے ابھریگا لینن کے کٹر پنتھی سامواد کے مقام پر سوویت روس میں نئی جمہوری حکومت کا خیر مقدم ہوگا۔ اور کمیونزم پارٹی کے قانون ختم ہو جائیں گے سوویت سنگھ مسئلے مطابقت رکھنے والے ممالک اپنی آزادی کا اعلان کر دیں گے آزادی کی اس لڑائی میں انکیں حکومتی نظام بگڑتا دکھائی دیگا نیا الگ ہوا روس دنیا کے بہت سے ممالکوں کے ساتھ نئے سیاسی میل جول قائم کرے گا۔ امریکہ ایشیا اور یورپی ممالکوں کے ساتھ نئے سیاسی اکھڑے قائم کریگا۔ ۵ مارچ ۱۹۹۳ء میں کنبھ کی شنی میں نئی طاقت کی طرح ابھرے گا اور بھارت کیساتھ گزشتہ برسوں کی طرح دوستی قائم رکھے گا۔ مگر سال کے شروع میں سوویت روس کے اندرونی حصوں میں گڑبڑ فسادات لڑائی جھگڑے کی وارداتیں برپا ہوں گی کہیں قحط، خشک سالی بھکمری اناج کی کمی کا سامنا ہوگا آئندہ سال روس کے لئے اگنی پریکشا کا سال ہوگا۔

پاکستان: داخلہ برس (کنبھ) اور جگت لگن کنڈلی میں اس کی زیر اثر راشی کنیا پر منگل کی خاص بدنظر پڑ رہی ہے آخر کار آنے والے برس میں حکومت کو خطرناک چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑے گا سیاسی طور پر چالو سرکار کی حالت ڈانواں ڈول رہے گی۔ سیاسی اور غیر سرکاری سرکار اور مختلف مخالف طاقتوں کے سبب اندرونی فساد توڑ پھوڑ آگ زنی دہشت گرد وارداتیں زیادہ ہوں گی، فوجی طاقتوں کا اثر بڑھے گا۔ اور بھارتیہ سیماؤں پر جہاں تہاں لڑائی کی خبریں ملیں گی کشمیر کے معاملہ پر بھارت کے ساتھ تناؤ بڑھے گا سرحدوں پر گھس پیٹھ اور بھارت کے آتنک وادی (باغیوں) کو فوجی مشق (ٹریننگ) بھی دینا جاری رکھیگا ۶ ستمبر کو منگل کیتو کے سبب سے بھارت کے ساتھ فوجی ٹکراؤ اور لڑائی کے (سنکیت) امکانات ہیں۔ نواز شریف سرکار سے عام رعایا کا یقین اٹھ جائیگا ستمبر میں سرکار تبدیل ہونے میں خاص یوگ ہے۔ برس کے آخر میں بھارت کے ساتھ بگڑے میل جول بن جانے کے امکانات شروع ہوں گے سندھ صوبہ میں لڑائی کے آثار نمایاں ہوں گے اور پاکستان میں آپسی لڑائی کے امکان رہیں گے۔ بھارت سے جنگی تیاریوں کا کام جاری رکھے گا۔

سری لنکا: قانونی طور پر راشٹرپتی کے انتظامی طریقہ سے خاص تبدیلیاں ہوں گی۔ جس سے موجودہ راشٹرپتی کے (پربھاؤ) اثرات (اقبال) کو نقصان پہونچے گا۔ لڑائی اور دہشت گرد وارداتیں جاری رہیں گی۔ سنہالی سرکار دہشت گردیوں کے ساتھ سختی سے پیش آئے گی۔ بھارت کیساتھ میل جول میں نکھار رہے گا۔

۱۹۹۲ء میں گرہ چال اور بھارت کے حالات

یوم آزادی کے ۴۵ویں سال (۱۵ اگست ۱۹۹۱ء) کی برس کنڈلی میں سنگھ لگن طلوع ہوا ہے۔ جس کا اثر ۱۴ اگست ۱۹۹۲ء تک رہے گا۔ لگن کے خانہ میں شکر، منگل بدھ برہسپتی وغیرہ چار گرہوں کا یوگ بنا ہوا ہے۔ چونکہ شبھ ہے جبکہ لگن کا مالک سورج بارہویں خانہ میں منعقد ہو کر چھٹے گھر میں پڑی ہوئی منتھا سے دیکھا جا رہا ہے۔ پانچویں خانے میں راہو، چھٹے منتھا اور سنیچر کا یوگ اور سنیچر کا دسویں نظر سے چندرماں کو نظر کرنا وغیرہ گرہوں کشمکش سے ظاہر ہوتا ہے کہ اندرونی جھگڑے گٹھ بندی اور علیحدہ پسندی رجحان کی وجہ سے ملک کے اندرونی حالات بگڑے رہیں گے کنڈلی میں بدھ اور شکر۔ دونوں غروب ہونے سے ملک سیاسی معاشی اور اقتصادی حالات خراب رہیں گے۔ ملک کے رہنماؤں کے جدید ترین سیاسی اور معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پانچویں خانہ میں راہو ہونے سے اقتصادی ترقی کے منصوبوں میں شدت کی رکاوٹوں کا سامنا ہوگا جس سے عام رعایا کی روزانہ کی زندگی پر بہت زیادہ اثر ہوگا شدت کی مہنگائی اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی چیزوں میں قلت کی وجہ سے لوگوں میں غصہ اور ہاہاکار مچے گا۔ مہنگائی پر قابو پانے میں مرکزی حکومت کامیاب نہ ہو پائے گی۔ سرحدوں پر گھس پیٹھ، فوجی ٹکراؤ اور جنگ کی خبریں ملیں گی۔ پنجاب، آسام، ناگالینڈ، جموں کشمیر اترپردیش وغیرہ صوبوں میں گڑبڑ، قتل وغارت اور دھماکہ خیز وارداتیں بڑھنے کے یوگ ملتے ہیں۔ رعایا میں بدامنی کا عالم بڑھے گا۔

آزادی کے ۴۶ویں سال کی برس کنڈلی میں گرہوں میں نسبتاً اچھے یوگ دکھائی پڑتے ہیں۔ تلا لگن طلوع ہوا ہے۔ پانچویں خانہ میں منتھا چندرماں کے ساتھ پڑا ہے۔ ان پر شکر برہسپتی کی ساتویں شبھ نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے حکومت معاشی اور سیاسی طور پر کچھ ٹھوس اقدامات اٹھانے میں کامیاب ہوگی۔ اگرچہ کنڈلی میں سورج شنی کی آپسی ساتویں نظر سے کچھ پردیشوں میں گڑبڑ، قاتلانہ آگزنی اور توڑپھوڑ اور تخریب کاری عناصروں کی وجہ سے بدامنی کا ماحول پیدا ہوگا۔ کہیں مرکزی حکومت

اور صوبائی حکومتوں کے درمیان ٹکراؤ کے پیچیدہ حالات پیدا ہوں گے۔

یوم جمہوریت کے ۴۳ویں سال کی برس کنڈلی میں دھن لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن بھاؤ پر منگل، راہو اور شکر کا یوگ ہونے سے منتری منڈل میں خاص تبدیلیاں ہونے کے یوگ ہیں۔ لیڈروں کے درمیان آپسی ٹکراؤ اور کھینچاؤ ہونے کے حالات پیدا ہوں گے۔

یوم جمہوریت برس لگن پر برہسپتی کی پانچویں خاص نظر دسویں گھر پر منتھا کی حالت بھارت کے صنعت، سائنس ٹیکنیکی اور منصوبہ جات کے کاموں میں خاص ترقی ہوگی۔ خزانہ کے بھاؤ پر سورج سنیچر کا یوگ ہونے سے ملک اقتصادی حالت خراب ہوگی۔ اقتصادی حالات اور دولت کا پھیلاؤ بڑھے گا۔ پیچیدہ حالات پیدا ہوں گے اور سماجک مسئلوں سے نپٹنے کے لئے کئی نئے قانون میں ترمیم کی جائے گی۔ فرقہ وارانہ فسادات کے لئے نئے آئین بنائے جائیں گے۔

گرہ گوچر اور بھارت سرکار

نئے چنے گئے پردھان منتری نرسمہا راؤ نے ۲۱ جون ۱۹۹۱ء کو شکروار کو بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم بوقت دن کے بارہ ۱۲ بج کر ۵۶ منٹ جیٹھ شدی دسمی تتھی چترا نکشتر پر ودھی یوگ کے دوران کنیا لگن میں بھارت کے نئے پردھان منتری کے روپ میں حلف اٹھایا۔

(کنڈلی بوقت نصف ۱۲ بجکر ۵۶ منٹ)

پلوٹو چندرماں　۵　۴ منگل شکر برہسپت
۸　۶　۹　۳
نیپچون۔ راہو یورینس　سورج۔ بدھ کیتو
سنیچر　۱۲　۲
۱۱　۱

لگن کا مالک دسویں بھاؤ میں اپنی راشی پر ہے۔ لگن بدھ کیتو، سورج وغیرہ اور گرہوں سے مل کر غروب ہوا ہے۔ کنڈلی میں شنی، منگل کا سم سپتک یوگ بھی بنا ہوا ہے جس سے حکمران کانگریس پارٹی اور مرکزی منتری منڈل میں خاص تبدیلیاں نمایاں ہوں گی۔ پارٹی میں آپسی دھڑے بندی کی وجہ سے لیڈر شپ میں اہم تبدیلیاں ہونے کے یوگ ہیں۔ کچھ مخالف گٹھ بندی کا شکار ہوں گی۔ پنجاب آسام جموں وکشمیر اترپردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی اور گڑبڑ کے باعث پارٹی کے وقار کو بھاری نقصان پہنچے گا۔

بہرحال مرکزی حکومت میں کانگریس آئی کا اقتدار بنا رہے گا۔ داخل برس میں بھارت کی زیر اثر راشی کمر پر سورج شنی وغیرہ گرہوں کی گردش کی وجہ سے مرکزی وزارت میں تبدیلیاں اور اتھل پتھل رہے گی۔ ۱۰ فروری سے اسی راشی پر سورج منگل اور شنی وغیرہ چار گرہوں کا یوگ، ۲۰ فروری کو منگل شنی کی میل اور ۲۹ فروری کو شنی شکر کا یوگ (یوتی) ہونا اور سال کے ابتدا کے پہلے سے ہی برہسپت کا سنگھ راشی میں وکری ہونے سے صوبوں میں توڑپھوڑ دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی صوبائی سرکاروں میں تبدیلیاں اور خطرناک وارداتوں کی خبریں ملیں گی۔ ۱۳ فروری سے مارچ تک شنی شکر اور منگل گرہوں کا یوگ رہنے سے پنجاب کشمیر۔ آسام میگھالیہ۔ اترپردیش وغیرہ صوبوں میں آگ زنی مارپیٹ توڑپھوڑ ہونے کے امکانات ہوں گے۔ ۱۵ جون سے چار گرہ کی یوگ اور ۲۱ جون کو سورج کیتو کی ناقص حالات ہونے سے ان رنگ برنگی چالوں سے مرکزی سرکار کو خطرناک موجودہ

سیاسی چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آسام۔ پنجاب، جموں وکشمیر۔ بہار گجرات۔ اتر پردیش وغیرہ میں اندرونی اور آپسی فرقہ دارانہ فساد مار پیٹ خون خرابہ بے روزگاری دہشت پسندی بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے درمیانی طبقہ میں تعصب اور نفرت کے ماحول بنیں گے۔

کچھ صوبائی حکومتوں میں شدت پسند لوگوں کے ذریعہ فسادات لڑائی جھگڑوں سے مرکزی سرکار کو کافی نقصانات پہونچیں گے۔ ۲ سے ۲۵ اگست کے درمیان سنگھ راشی پر برہسپتی شکر کا یوگ رہے گا جس سے بھارت کے سرحدی صوبوں میں کہیں فوجی مداخلت اور لڑائی کی خبریں ملیں گی ملک میں کہیں بارش کی وجہ سے کہیں کھڑی فصلوں کو نقصان پہونچنے کا امکان ہے۔

۶ ستمبر کو منگل کیتو کے ناقص حالات سے ۷ نومبر شکر راہو کے حالات ۲۲ دسمبر کو شکر شنی اور ۹ فروری ۱۹۹۳ء کو سورج شنی کی ناقص حالات سے مرکز اور موجودہ سرکار کے لیڈروں کے لئے شبھ نہیں ہوگی۔ کہیں صوبائی سرکار کا گرنا قانونی بندوبست کے باوجود پرہنسہ توڑ پھوڑ اور آگ زنی بدامنی یا اچانک حادثات کھلے عام توڑ پھوڑ بھگدڑ وغیرہ نقصان کے امکان ہیں۔ بھارت سرکار اپنی غیر ممالک پالیسی میں خاص رد و بدل کرے گی خود بھارت کی چھیالیسویں برس کی کنڈلی میں منتقا چندر کے ساتھ اور برہسپتی و شکر کے ساتھ ناقص ہونے سے سخت آپسی دشمنی کے باوجود بھی بھارت طرح طرح کے پلانوں اور ترقی کے کاموں میں مشغول رہے گا۔ دُنیا کے اہم ممالکوں کے ساتھ نئے طریقہ سے سیاسی میل جول بنا رہے گا۔ جرمنی جاپان۔ کناڈہ امریکہ فرانس۔ چین۔ نیپال بنگلہ دیش پاکستان وغیرہ ممالکوں کے ساتھ اندرونی تجارتی سمجھوتہ کرے گا۔ غیر ممالکوں سے مدد حاصل میں بھی کامیاب رہے گا۔ غیر ممالک روپیہ کی وصول یابی اور تربیتوں کو بڑھاوا دینے کے لئے نئی دستکاری کا بندوبست کیا جائے گا اور بڑے کارخانوں کو لگانے کے لئے یعنی خاص کارگر مہم شروع کی جائے گی۔

بہت سے طریقوں کی بہت سے گھریلو ضروریات کی چیزیں مہیا کرے گا۔ جیسے گیہوں۔ چاول طرح طرح کی دالیں۔ روئی۔ کپاس۔ تیل۔ پٹرول، السی تمباکو۔ پسن۔ تانبہ پیتل چاندی لوہا، کاغذ۔ سیمنٹ۔ کھاد ابرک۔ صابن گڑ چینی۔ چائے۔ کل پرزے وغیرہ قیمتوں میں خاص اضافہ ہوگا۔ ماہ اگست ستمبر میں بہار، آسام پچھمی بنگال اُتر پردیش اور مہاراشٹر وغیرہ صوبوں میں سیلاب وغیرہ قدرتی آفتوں سے نقصانات ہونے کے یوگ ہیں۔

بھارت کے کچھ اہم صوبے

ہماچل پردیش:۔ اس کی زیر اثر راشی میں ہے۔ یوم جمہوری کی کنڈلی میں اس کی راشی پر شنی کی تیسری اور منتقا کی ساتویں نگاہ رہے گی۔ بہر حال ہماچل پردیش میں بہت سے مشکلات کے باوجود بھی دستکاری اور چھوٹے پیمانے کے کارخانوں کو خاص ترقی دی جائے گی۔ پھل پھول جنگلات باغبانی کھانے والی پروٹین کاموں میں صوبائی سرکار خاص طور پر بڑھاوا دیگی لیکن بہت سے مقامات پر درمیانی درجہ کے لوگوں کی اندرونی حالات اچھے نہیں رہیں گے۔ بیجد مہنگائی روزمرہ کی ضروریات کی چیزیں میں لڑائی جھگڑا، بجلی۔ بیروزگاری۔ محبتی اشارات نہ کی برابر ہونا جیسے مسائلوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

۱۱ ستمبر کے بعد راشی کا راجہ گورو کی اس راشی پر گراہی نظر رہنے سے صوبہ میں اہم بہتریں تبدیلیاں ہوں گی۔ برس کے آخر میں بھوکھلن۔ اولا دھرتی سوکھا۔ اولا گرنا۔ طوفان وغیرہ آنے سے نقصانات کے امکان ہیں۔

پنجاب:۔ یوم جمہوری کے ۴۳ برس کی کنڈلی میں اس کی زیر اثر راشی مکر پر سورج شنی وغیرہ غیر جانب گرہ پڑے ہیں۔ بھارت کی کنڈلی اس میں چھٹے مقام پر مقیم ہے اس کی زیر اثر راشی پر منتقا اور منتھش شنی دونوں ہی ملوث ہیں۔ گرہی حالات کے مطابق بھارت سرکار کے لئے پنجاب کا مسئلہ پیچیدہ رہے گا۔ ابتدائی برس میں ۱۰ فروری ۱۹۹۲ء کو اس کی راشی پر شنی وغیرہ ناقص گرہوں کا یوگ بنا رہنا ناخوشگوار حادثات کی علامت میں جھگڑے فساد کا دور ابھی چلے گا۔ مرکزی سرکار اور صوبائی بہت سی پارٹیاں کسی بھی پر یقین تجویز نہیں کر پائے گی۔ سرکار کی پوشیدہ سیاستوں کی وجہ سے پنجاب انھیں مرحلوں میں سلگتا رہے گا۔ چناؤں کا مسئلہ بھی بحال ہوگا۔ لیکن عوامی خوشگوار سرکار بننے میں مشکلات آئے گی۔ کچھ وقتی حالات کے مطابق چنا معطل کئے جائیں گے۔ کمر توڑ مہنگائی روزمرہ اور بجلی میں دقت دہشت پسند لوگ جھگڑا فساد کے وجوہات سے درمیانی لوگوں میں خوفناک ماحول بنائیں گے۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۹۲ء کے بعد کنیا کے گرہ میں اور اس کے بعد ماحول میں نکھار آنے امید کی جا سکتی ہے۔

جموں اور کشمیر:۔ اس کی زیر اثر راشی تلا پر ملیو لُو ابھی تک گردش کر رہا ہے آزاد بھارت اور یوم جمہوری کی کنڈلی میں اس کی راشی شکر کے حالات اچھے نہیں ہیں۔ بہر حال اس صوبہ میں لڑائی اور دہشت پسندی لوگوں کے طریقوں کا چلن جاری رہے گا کشمیری آزادی نام پر فرقہ پرست۔ دہشت پسند لوگ ابھریں گے۔ پاکستان پوشیدہ طرح سے دہشت پسند لوگوں کو فوج مشق دیگر و سپوٹک سامان کا آنا رہے گا۔ دہشت پسند لوگوں کی چالوں کی وجہ سے صوبوں کی اندرونی سیاسی حالت بگڑے ہوئے رہیں۔ غریب مزدوروں کا جینا دشوار ہو جائے گا۔ کھیلوں کھلونوں اونی کپڑے غالیچے دستکاری، آم درخت باغبانی وغیرہ کاموں کو بھاری نقصان پہونچے گا۔ مرکزی سرکار کے ذریعہ پوری پوری مدد دینے کے باوجود درمیانی رعایا اور غریب لوگوں کو سہولیتیں نہ ہوں گی۔ مورچوں پر گھس پیٹ اور فوجی جماؤ بڑھے گا۔ جھگڑا و اور وارداتوں میں تیزی رہنے کے امکانات ہیں۔ سرکاری ملازموں کی حالت بگڑی رہے گی۔ برس کے آخری دو مہینے نومبر میں موسلادھار طوفانی بارش قدرتی آفات سے لوگوں کو بھاری نقصان پہونچے گا۔ پاکستان کشمیر کے اندرونی بربادیوں کا سبب بنے گا۔

ہریانہ:۔ اس کی زیر اثر راشی متھن ہے آزادی کی کنڈلی میں اس کی راشی پر کیتو مقیم ہے۔ اور اس پر منگل وغیرہ چار گرہوں کی نظریں ہیں بہر حال صوبائی سرکار کے حق میں بہت زہریلی اور عالم گیر مصیبتیں عمل میں آئیں گی مختلف جماعتیں اور بیچ اونچ ٹکراؤ کے حالات پیدا کریں گے۔ نسبتاً سرکار کے صوبے میں ترقی کے بہت سے راستہ قائم کرے گی۔ روزگار لگھو ادیوگ (چھوٹے پیمانے کے کارخانہ) بجلی سپلائی چینی۔ ماچس۔ کھاد وغیرہ کسانی دھندوں میں خاص کر ترقی ہوگی لیکن کمر توڑ مہنگائی کی وجہ سے درمیانی طبقہ کے لوگ پریشان ہوں گے۔ اوپر دی گئی پیشن گوئیاں گوچر گرہوں کی حالت کے مطابق لکھی گئیں ہیں۔ اصل میں بھوشیہ درشٹا تو خود پرماتما ہی ہے۔

خیر اندیش:۔ پنالال جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری و پنچانگ، جالندھر شہر

سنہ ۱۹۹۲ء میں مندہ تیزی کے خیالات

تاجر طبقہ کے فائدہ کے لئے گرہوں کی گردش کے مطابق مختلف اوقات پر تجارتی اشیا (جنسوں) کے متعلق نرخوں میں آتار چڑھاؤ کی مکمل جانکاری نیچے دی جا رہی ہے۔ دھیان رہے بیوپاری طبقہ کو اپنی گرہ دشا و مالی حالت کے مطابق مختلف جنسوں کی خرید و فروخت کرنا مفید ہوگا۔ اچھا ہوگا کہ کسی خاص جنس کا سودا (خرید و فروخت) کرنے سے پہلے کسی ماہر جیوتشی کے ذریعے اپنی جنم کنڈلی میں سعت گرہوں کی شبھ اشبھ دشا کی جانکاری حاصل کر لیں جس سے نقصانات کے امکانات کم ہوسکیں۔ ہمارے جیوتش آفس میں آرتھک بھوشیہ یعنی اقتصادی مستقبل بنوانے کے لئے فیس ۱۰۱/- روپیہ ہے۔ لیکن "بھوشیہ پھل" بنوانے کے لئے اپنے جنم کا صحیح وقت۔ مقام، سن سال و ماہ وغیرہ کی پوری تفصیل اور دکشنا فیس بذریعہ منی آرڈر بھیجنا اشد ضروری ہے۔ مندرجہ بالا تفصیل و دکشنا فیس بھیجنا ضروری ہے۔ وی۔پی۔ نہیں بھیجی جاتی۔ (پنڈت پنالال جیوتشی۔ایم۔اے۔ جالندھر شہر)

ماہ جنوری

ماہ کے شروع میں یکم جنوری کو دھن راشی پر سورج راہو کی یوتی ہونے سے تل۔تیل، سرسوں تلہن۔ السی، اور چاندی میں تیزی کا رخ بنے گا۔ چوپایوں اور چارہ میں اضافہ ہوگا۔ تاریخ ۴ کو منگل طلوع ہونے سے اناج کی قیمتوں میں کمی بیشی ہوگی۔ سونا چاندی اور تانبے میں تیزی آئے گی۔ تاریخ ۴ کو منگلوار کو اماوس تل تیل۔ اُرد۔ چنا۔ گیہوں میں تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۵ کو بدھ دھن راشی میں داخل ہونے سے گائے بھینس، گھوڑے ہاتھی وغیرہ چوپایوں کے نرخوں میں تیزی۔ روئی کپاس، سن۔ سوت میں کمی بیشی ہوگی۔ تاریخ ۹ کو جیشٹھا نکشتر میں شکر ہونے سے کئی گیہوں، چنا، چاندی، اور سونے میں آتار چڑھاؤ ایک ہفتے تک رہیں گے۔ تاریخ ۱۱ کو سورج اُترا کھاڑا نکشتر میں داخل ہو کر لوہا، سیسہ، چاندی، سرسوں۔ السی، گڑ، چاول، کپاس، کھل۔۔ بنولہ، چنا، مونگ، مسور کے نرخوں میں تیزی کریگا۔ تاریخ ۱۴ کو سورج مکر راشی میں منگلوار کو لگنے سے ماگھ مہینہ میں کریانہ بازار میں آتار چڑھاؤ بنے رہیں گے۔ اسی دن سنیچر مکر میں غروب ہونے سے اناج اور دالوں میں تیزی ہو۔ اور شیئر مارکیٹ میں آتار چڑھاؤ رہے گا۔ مگر تل تیل گھی چاول، گڑ، چینی، مونگ پھلی بناسپتی آئیل میں تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۱۶ کو بدھ اور راہو میں استی بھی ہونے سے روئی کپاس تل تیل، سرسوں، مونگ پھلی، اُرد۔ چاول اور چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد پھر تیزی ہوگی۔ اس سے پہلے مندہ کے حالات میں خرید کرنے سے یکدم لابھ ہوگا تاریخ ۱۹ کو منگل پوروا کھاڑہ نکشتر میں آنے سے سونا۔ چاندی۔ تانبہ پیتل، چاول۔ اُرد۔ گھی۔ تیل۔ السی، سرسوں، پیڑ وغیرہ خوشبودار چیزوں میں تیزی رہے گی۔ تاریخ ۲۰ کو شکر دھن راشی میں داخل ہوگا۔ جس سے سب پرکار کے دھان، چاول، چینی، شکر، گیہوں چنے اُرد۔ دار چینی۔ باردانہ۔ بناسپتی، میں کمی بیشی ہوگی۔ تاریخ ۲۱ کو دھن راسی پر منگل راہو کی یُتی واعدہ بازار اور شیئر مارکیٹ میں اچانک تیزی کے جھٹکے ہوں گے۔ تاریخ ۲۴ کو سورج شردن نکشتر میں آکر سونا چاندی۔ السی گیہوں، سن، سوت، کپاس۔ جو۔ چاول۔ گڑ شکر۔ سپاری پیتل۔ لونگ۔ جائفل اور رسدار چیزوں میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۲۶ سے بدھ مکر راشی میں آکر روئی۔ کپاس۔ گیہوں، مونگ پھلی میں گھٹا بڑھی کریگا۔ تانبہ۔ لوہا۔ سونا۔ آدھی دھاتوؤں میں تیز ہوگی۔ تل۔ تیل۔ بنولہ۔ گھی۔ آدھی میں بھی تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۲۹ کو سورج سنیچر کی استی ہونے سے گندم مکا۔ اُرد۔ چنے۔ ہلدی۔ گرم مسالے کشمش اور میوہ جات تیز ہوں گے۔

ماہ فروری

یکم تاریخ بدھ شردن نکشتر میں داخل ہونے سے تل۔ تیل چنے۔ گڑ۔ السی۔ سرسوں، کھل، بنولے مویشی چارہ تیز نرخ ہوں گے۔ تاریخ ۳ کو سوم وتی اماوش ہونے سے، روئی۔ سوت، کپاس۔ چاندی اور سفید رنگ کی چیزوں میں مندہ رہے گا۔ تاریخ ۵ کو منگل اُترا کھاڑا میں آنے سے گھی۔ تیل۔ تل۔ السی۔ اُرد۔ روئی۔ سن، سوت۔ کپاس میں تیزی کے جھٹکے لگیں گے۔ تاریخ ۶ کو سورج دھنیشٹھا میں اور ۸ کو بدھ دھنیشٹھا میں آنے سے سونا چاندی پیتل۔ تانبہ گیہوں۔ روئی، سوت اور سن سٹیل جست کے نرخوں میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی ہوگی سونا۔ چاول اور چینی میں تیزی کی لہر چلے گی۔ تاریخ ۹ کو منگل مکر راشی میں آنے سے تیل۔ السی۔ تلہن۔ بناسپتی گیہوں، چنے اور ہر طرح کی دالوں میں تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۱۱ سے پوروا کھاڑہ کے شکر میں آنے سے اُرد۔ مونگ موٹھ تل تیل سرسوں۔ کالی مرچ۔ الائچی چھوٹی، کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ گڑ۔ شکر۔ چینی کے نرخوں میں کمی بیشی ہوگی۔ تاریخ ۱۳ کو پھاگن سنکرانتی ۴۵ مہورتی برہسپت وار (دیروار) کو ہونے سے سونا۔ چاندی۔ تانبہ پیتل۔ لوہا۔ جست تل تیل۔ سرسوں۔ بنولہ۔ سرگرم مسالے اور اونی بستروں میں تیزی ہوگی۔ اسی دن مکر کا شکر چنا، جوار۔ باجرہ۔ اناج کے بھاؤ میں تیزی کرنے والا ہوگا۔ شیئر مارکیٹ میں تیزی رہے گی۔ تاریخ ۱۵ سے شنی مکر میں آدھے ہونے سے لوہا پرزے۔ جست۔ چاندی۔ تانبہ چاول چنے۔ کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تل تیل اور اناج میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۱۶ کو ست بھکا کے بدھ میں تل تیل بنولے السی میں پورروت رہے گی۔ مگر تاریخ ۱۸ سے چاول گڑ۔ تل۔ تیل، کھل۔ آدی تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۲۱ کو منگل شکر کی انشاتمک یوتی۔ روئی سوت سن۔ گڑ۔ شکر۔ چینی اور چاندی میں گھٹا بڑھی کرے گی۔ تاریخ ۲۳ کو منگل شردن میں آکر روئی، سوت۔ جو۔ چنا میں مندہ چاندی سادھارن تیزی اور تل تیل وغیرہ میں اچھی تیزی کرے گا۔ تاریخ ۲۵ سے مارکیٹ کے حالات غیر یقینی رہیں گے۔ سوچ سمجھ کر کام کریں۔ تاریخ ۲۸ فروری سے بدھ پچھم سے طلوع ہوگا۔ گھی، تل تیل، بنولہ۔ ارنڈی۔ سرسوں اور چاندی کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۲۹ سے بدھ مین راشی میں آئے گا۔ اسی دن شنی شکر کی مکر راشی پر انشاتمک یوتی سے تل۔ تیل۔ بنولہ۔ السی۔ سرسوں۔ مونگ پھلی میں دوبارہ تیزی کے جھٹکے لگیں گے۔

ماہ مارچ

تاریخ ۲ کو بدھ اُترا بھادر پد میں آنے پر چاندی اور روئی کے نرخ میں آتار چڑھاؤ ہوں گے۔ تانبہ۔ سیسہ۔ گڑ چینی اور شکر کے بھاؤ یکساں رہیں گے۔ تاریخ ۳ کو شکر دھنشٹھا میں آنے سے سونا، چاندی۔ روئی۔ کپاس۔ چاول، مونگ موٹھ اُرد اور باردانہ میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۴ کو پورا بھادر پد کے سورج میں سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ سیسہ پیتل آدی دھاتوں میں اور تل تیل گھی چاول۔ گڑ۔ چینی میں تیزی رہے گی تاریخ ۸ کو شکر کنبھ میں آکر روئی اور چاندی میں آتار چڑھاؤ اور شیئر بازار میں تیزی کرے گا۔ تاریخ ۱۱ کو منگل دھنشٹھا اور بدھ ریوتی میں آنے سے وعدہ بازار میں تیزی آئے گی گیہوں۔ جو۔ چنا السی۔ گڑ۔ سرسوں۔ لال مرچ تانبہ

تل تیل۔ آدی میں تیزی کا رُخ رہے گا۔ تاریخ ۱۴ ارکچیت سنگرانتی سنیچر وار کو ۵۴ مہورتی ہے۔ گیہوں چنے۔ دودھ۔ السی۔ الائچی۔ چوپایوں۔ گھی گُڑ شکر کے بھاؤ میں آتار چڑھاؤ کے بعد تیزی کا ہوگی۔ تاریخ ۱۷ ارسورج اترابھادرپد میں داخل ہو کر گڑ۔ چینی شکر۔ سونا، چاندی وغیرہ دھاتوں تیزی بنائے رکھے گا۔ اسی دن بدھ وکری ہونے سے شیئروں میں تیزی آئے گی۔ تاریخ ۱۹ رکو بدھ پچھم میں غروب ہونے ہر طرح کے اناج تل تیل بنولے گڑ چاول پیتل چاندی میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۲۰ کو کمبھ کے منگل میں روئی اور چاندی میں گھٹا بڑھی مگر ہر طرح کے اناج تیز ہوں گے۔ تاریخ ۲۱ سے سب طرح کی دالیں روئی چاندی میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۲۵ پوربا بھادرپد کے شکر میں روئی کپاس چاندی میں تیزی کا رُخ بنے گا۔ تاریخ ۲۶، ۲۷ اور ۲۸ کو وعدہ بازار کی حالت ڈانواڈول بنی رہے گی۔ تاریخ ۲۸ کو منگل شت بھکا میں آنے سے روئی کے چاندی سونا۔ کپاس دھان کے نرخ میں مندے کا رجحان بن کر اچانک تیزی ہوگی۔ تاریخ ۳۱ کو سورج ریوتی میں آنے سے السی سرسوں۔ ارنڈی۔ مونگ پھلی۔ تل تیل، باردانہ۔ چنے چاول وغیرہ میں تیزی کارک ہوگا۔

اپریل تاریخ ۲ سے شکر مین راشی میں داخل ہو کر سورج کے ساتھ یوگ کرے گا۔ جس سے گندم روئی بنولے۔ جو۔ دھان چاول، چنے موٹھ۔ ارہر کپاس پسن سوت۔ سونا اور چاندی کے بھاؤ میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ اپریل سے پہلے ہی سنگرہ یعنی اکٹھا کرنا فائدہ ہوگا۔ تاریخ ۴ سے شکر اترابھادرپد میں داخل ہو کر روئی کپاس سوتی کپڑے چاندی چینی چاول اور کئی سفید چیزوں کے نرخوں میں مندہ کے جھٹکے لگیں گے۔ تاریخ ۹ سے بدھ مارگی ہونے پر بھی مندہ کا رخ بنا رہے گا۔ لیکن گندم چنے۔ اناج اور دھاتوؤں میں تیزی کا رخ بنے گا۔ چاندی میں تیزی بنے گی۔ تاریخ ۱۳۔ اپریل سے بیساکھ سنکرانتی سوموار کو ۳۰ مہورتی ہے اسی لئے السی سرسوں۔ تل۔ تیل مونگ پھلی اُڑد روئی کپاس گڑ چینی گھی آدی کے بھاؤوں میں تیز آئے گی۔ تاریخ ۱۶ سے شکر وفیشُما میں آکر موٹھ۔ چاول۔ اُڑد۔ مسور۔ باجرہ۔ جوار۔ مکی۔ اور ہر طرح کے اناجوں میں تیز آئے گی۔ شیئر مارکیٹ میں مندہ کی لہر چلے گی۔ تاریخ ۲۱ سے شنیچر دھن راشی میں وکری ہوگا جس سے سب طرح کے رسدار رسانک پدارتھ تل۔ تیل السی ریفائنڈ آئیل اور بناسپتی میں تیزی کے اچھالے ہوں گے۔ تاریخ ۲۴ سے سب طرح کے اناج۔ روئی، کپاس۔ سرسوں۔ ارنڈی لوہا چاندی تانبہ جست آدی دھاتوؤں میں تیزی آئے گی۔ تاریخ ۲۶ سے شکر میکھ راشی میں داخل ہونے سے گائے بھینس آدی چوپایوں میں تیزی آئے گی۔ جبکہ السی۔ سرسوں آدی میں مندہ کا رُخ بنے گا۔ تاریخ ۲۷ سے میں راشی کے منگل میں پشو چارہ۔ لکڑی کوئلہ گھاس چوپائے سونا تانبہ پیتل لوہا آدی میں تیزی آئے گی۔ وعدہ بیوپار میں تیزی ہوگی۔ چاندی چینی تل تیل گھی سرسوں میں گھٹا بڑھی لیکن گیہوں گڑ۔ لال چندن۔ تانبہ اور لال رنگ کی چیزوں میں بھی تیزی بنے گی تاریخ ۳۰ سے برہسپت سنگھ راشی میں ہی مارگی ہونے سے السی۔ سرسوں۔ روئی۔ چاول سونا۔ پیتل۔ تانبہ اور چاندی کے بھاؤوں میں ۵ روز کے اندر تیزی کا رُخ بنے گا۔

مئی تاریخ ۲ کو شنی واسری اماوس ہونے سے روئی کپاس، گندم چنے۔ اُڑد۔ لوہا۔ سونا۔ چاندی اور کئی دھاتوؤں کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۴ کو سوموار کے روز چندر درشن ہونے سے مونگ، موٹھ۔ ارہر۔ چاول اور چنوں کے نرخوں میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۷ سے بدھ اشونی اور شکر بھرنی نکشتر میں آنے سے روئی پسن سوت۔ اور پٹ سن میں تیزی ہوگی۔ جبکہ السی اُڑد۔ تل۔ تیل۔ تلہن سرسوں کے نرخ میں اُتار چڑھاؤ پیدا ہوں گے تاریخ ۱۰ کو کرتکا کے سورج میں سونا پیتل چاندی سیسہ سٹیل تانبہ السی چینی کپاس روئی میں تیزی بنے گی۔ تاریخ ۱۱ سے شکر میکھ راشی میں غروب ہو جانے سے سب طرح کے اناج گیہوں۔ چنا۔ موٹھ باجرہ مونگ چاول آدی دھان تیز بھاؤ ہوں گے۔ گائے بھینس اونٹ آدی چوپایوں کی (تیزی) کے اشارے ہیں۔ تاریخ ۱۴ سے میکھ سنکرانتی ۳۰ مہورتی ہونے سے روئی کپاس پسن۔ سوت اور پٹ سن کے نرخ میں مندے کا رُخ اور گندم جوار۔ باجرہ اور چنوں کے بھاؤوں میں تیزی ہو۔ تاریخ ۱۶ کو شنی واسری پورنما سے شیئر مارکیٹ میں تیزی کا رُخ بنے گا۔ بیساکھ ماہ ۵ سنیچر وار کا ہونا بھی سب طرح کے اناجوں تیزی کارک ہے۔ تاریخ ۱۸ کو شکر کرتکا میں آجانے سے سونا۔ چاندی۔ ہیرے۔ جواہرات مانک۔ رتن۔ جو۔ چاول گیہوں۔ اور سب طرح کے کریانہ تیزی کا رخ کریگا۔ تاریخ ۱۹ کو منگل ریوتی میں داخل ہو کر چاندی میں تیزی کریگا۔ سونا کپاس۔ السی۔ چنا مٹر اور سرسوں میں معمولی گراوٹ کے بعد تیزی ہوگی، ۲۰ کو بدھ پورب میں غروب ہونے سے اور تاریخ ۲۱ کو شکر برکھ راشی میں آنے سے گندم چاول چنے۔ دالیں اور سب طرح کے اناج میں تیزی کا رُخ بنے گا۔ روئی کپاس۔ پسن سوت اور چاندی میں خاص اُتار چڑھاؤ ہوں گے، تاریخ ۲۳ سے بدھ برکھ راشی میں داخل ہونے سے کھل۔ بنولہ، تمباکو اور افیم کی قیمتوں میں تیزی اور روئی کپاس میں گھٹا بڑھی ہوگی تاریخ ۲۸ سے بدھ اور ۲۹ سے شکر روہنی نکشتر میں داخلہ کریگا۔ جس سے السی۔ سرسوں۔ تل۔ تیل گھی جوار۔ باجرہ۔ گڑ۔ بناسپتی ریفائنڈ تیل کی قیمتوں تیزی بنے گی۔ تاریخ ۲۹ کو ہی سنیچر مکر راشی میں وکری ہوگا جس سے روئی کی قیمتیں گرے گی۔ سیسہ لوہا۔ السی سرسوں تیل تمباکو اور کالے رنگ کی چیزیں کل پرزے اور شیئروں کے بھاؤ تیز ہوں گے، ۳۰۔ ۳۱ مئی کو واعدہ بازار میں خاموشی بنی رہے گی۔

جون یکم تاریخ کو سوماوتی اماوس روہنی نکشتر میں لگنے سے روئی پسن۔ سوت۔ کپڑا۔ پنیر دودھ وغیرہ اشیا چاول چاندی سب طرح کی سفید رنگ کی چیزوں گھٹا بڑھی ہوگی۔ مندہ کی حالت میں جلد خرید کرنا فائدہ مند ہوگا۔ دوسرے منگلوار کو چندر درشن ہونے سے سفید رنگ کی چیزیں جیسے روئی۔ کپاس۔ سوت۔ چاول چاندی کی قیمتوں میں تیزی کا رُخ بنے گا۔ تاریخ ۳ کو بدھ مرگشر نکشتر میں داخل ہونے سے چاندی کی قیمتوں میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ لیکن اناج آدی کی قیمتوں میں مندہ کا رُخ بنے گا۔ تاریخ ۶ سے منگل میکھ راشی میں اور بدھ متھن راشی میں داخل ہونے سے جوار۔ تل۔ تیل۔ اون کپاس، چاندی مونگا۔ رتن وغیرہ میں تیزی اور راناوی کے نرخ میں مندہ کا رُخ بنے گا۔ سونا۔ پیتل۔ تانبہ وغیرہ دھاتوؤں میں تیزی بنے گی۔ تاریخ ۷ سے سورج مرگشرا میں آنے سے اُڑد۔ موٹھ۔ باجرہ۔ مونگ کی قیمتیں تیز ہوں گی۔ چاندی۔ السی۔ جو۔ چنے کی قیمتوں میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۹ سے گیہوں۔ تل۔ تیل گھی وغیرہ میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۱۱ سے برہسپت پوربا پھاگنی میں آنے سے روئی۔ پسن۔ سوت۔ پٹ سن

کھل ۔ بنولے اور باردانہ کے بھاؤ میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے ۔ تاریخ ۱۴ سے سورج مقن راشی میں اور اسی شکر مقن میں داخل ہوں گے ۔ باڑ سنکرانتی ۱۵ مہورتی ہے ۔ گھی ۔ تل ۔ تیل اور سبھی کریانہ چیزیں تیز بھاؤ ہوں گے شیئر مارکیٹ کبھی حالت عام طور پر غیر یقینی رہے گی ۔ تاریخ ۱۷ سے روئی ۔ سن ۔ سوت ۔ پٹ سن اور باردانہ کے نرخوں میں کمی بیشی ہوگی ۔ تاریخ ۲۱ سے اتوار کو سورج اور آردرا نکشتر میں داخل ہونے سے روئی ۔ کپاس ۔ سن ۔ سوت ۔ السی ۔ ارنڈی ۔ مونگ پھلی ۔ سرسوں ۔ پشو چارہ ۔ اور چوپایوں کے قیمتوں میں تیزی ہوگی ۔ تاریخ ۲۵ کو بیوپارک چیزوں میں گھٹا بڑھی خاص طور پر دیکھنے کو ملے گی ۔ چاندی میں تیزی کی لائن بنے گی ۔ تاریخ ۳۰ سے السی ۔ بنولہ ۔ تیل ۔ گھی ۔ سرسوں اور کریانہ بازار میں تیزی ہوگی ۔ چاندی ۔ جست ۔ سٹیل ۔ تانبہ وغیرہ دھاتوؤں میں بھی تیزی کا رُخ رہے گا ۔

جولائی

تاریخ ۲ کو برہسپت وار کو چندر درشن ہونے سے روئی ۔ گڑ ۔ چینی ۔ گھی ۔ تل ۔ تیل اور چاندی کے نرخ گھٹا بڑھی کے بعد تیز ہو جائیں گے ۔ چوکس ہو کر سودا طے کریں ۔ تاریخ ۵ کو سونا ۔ چاندی کپاس ۔ روئی ۔ بنولہ ۔ تل ۔ مونگ پھلی ۔ جوار ۔ باجرہ اور سب طرح کی دالیں ۔ تیزی کی لائن پکڑے گی ۔ اسی دن شکر مغرب دشا میں سنگھ راشی طلوع ہونے سے گھی ۔ چینی اور گڑ آدی کے بھاؤ مندے ہوں گے ۔ جبکہ سونا ۔ چاندی ۔ سن ۔ سوت ۔ تل ۔ چاول ۔ اور سب طرح کے اناج تیز ہوں گے ۔ تاریخ ۶ سے دھان آدی میں مندے کا رُخ اور رسدار چیزوں اور تیل تلہن ۔ گڑ ۔ چینی مونگ اور مونگ پھلی میں تیزی کرے گا ۔ تاریخ ۸ کو شکر کرک راشی میں داخل ہونے سے گھی ۔ گڑ ۔ تیل ۔ تل ۔ السی ۔ سرسوں ۔ روئی ۔ باردانہ ۔ چنا ۔ چاول ۔ چاندی ۔ مونگ ۔ اُڑد وغیرہ کے تیز بھاؤ ہوں گے ۔ شیئر بازار میں بھی تیزی آسکے گی ۔ تاریخ ۱۱ سے شکر بچھ ۔ راشی میں داخل ہونے سے ، روئی ۔ سن ۔ سوت ۔ ریشم ۔ اون ۔ دھان ۔ گیہوں ۔ جو ۔ چنا ۔ مٹر ۔ چمڑا ۔ بنولے لاکھ میں تیزی ہوگی ۔ تاریخ ۱۳ سے منگل کرتکا میں آجانے سے روئی ، کپاس چنے گیہوں پشو چارہ وغیرہ کے بھاؤ میں دوبارہ تیزی کے جھٹکے لگیں گے ۔ منگلوار پورنماں روئی ۔ چاندی اور چاول میں خاص تیزی کرنے والی ہوگی ۔ تاریخ ۱۶ برہسپت وار کو ساون سنکرانتی ۳۰ مہورتی ہونے سے آنے والے مہینے اناج وغیرہ کے بھاؤ میں خاص فرق نہیں پڑے گا ۔ جس سے سونا ۔ چاندی ۔ روئی ۔ سن ۔ سوت ۔ آدی کے نرخ تیز ہو جائیں گے ۔ تاریخ ۱۷ کو منگل برکھ راشی میں داخل ہوگا جس سے لال مرچ ۔ مکئی ۔ مسور ۔ راج ماش اور دالیں گڑ ۔ شکر ۔ تیل ۔ گھی ۔ سونا ۔ تانبہ اور شیئروں میں تیزی آئے گی ۔ تاریخ ۱۹ سے بچھو کے سورج میں گیہوں ۔ جو ۔ چاول ۔ گڑ ۔ شکر ۔ پیتل ۔ تانبہ ۔ سونا ، سیسہ ۔ جست ۔ آدی میں دوبارہ تیزی کے جھٹکے لگیں گے ۔ تاریخ ۲۰ سے بدھ کرک میں وکری ہونے سے وعدہ بازار میں خاص اُتار چڑھاؤ ہوں گے ، تاریخ ۲۶ سے وکری حالت میں ہی بدھ غروب ہونے سے کھانڈ ، بنولے تیل ، شکر اور چاندی میں تیزی بنے گی ۔ کرک راشی پر چتر گرہی یوگ رسدار چیزوں میں تیزی بنائے رکھے گا ۔ تاریخ ۲۹ سے دھان ۔ گیہوں ، وغیرہ کے نرخوں میں کمی بیشی ہوگی ۔ تاریخ ۳۱ کو شکروار کے دن چندر درشن ہونے سے روئی ۔ کپاس ۔ ہلدی ۔ گھی وغیرہ میں مندہ ۔ لیکن چاندی ۔ سونا ۔ چنے ۔ چاول اور اُڑد کے نرخوں میں تیزی ہوگی ۔

اگست

ماہ کے شروع میں تاریخ یکم سے منگل روہنی نکشتر ، میں داخل ہوکر روئی ۔ سن سوت ۔ کپاس ۔ سوتی کپڑے ، تل ۔ تیل ۔ لال مرچ اور شیئروں میں تیزی کا رُخ بنے گا ۔ تاریخ ۲ کو سورج اشلیکھا نکشتر میں گیہوں ، چاول ، بنولہ اُڑد ۔ چنے ۔ گڑ ۔ شکر ۔ گھی ۔ تل ۔ السی بنولہ وغیرہ میں پہلے کی طرح تیزی رہے گی ۔ اسی روز شکر ۔ سنگھ راشی میں آنے سے سونا ۔ تانبہ چنے ۔ مجیٹھ مویشی چارہ ۔ اور رسدار چیزیں تیزی پکڑیں گی ۔ تاریخ ۱۰ کو برہسپت پوروا پھالگنی کے چوتھے چرن میں آنے سے اناج گیہوں ۔ گڑ ۔ چینی میں کچھ مندہ ہو ۔ روئی اور چاندی میں گھٹا بڑھی ہوگی تاریخ ۱۱ سے بدھ پورب سے طلوع ہوگا ۔ جس میں گیہوں ۔ بنولہ ۔ السی ۔ چنے اور سونا میں مندہ کا رجحان ہوگا ۔ سوچ وچار کر سودا کریں ۔ بدھ تاریخ ۱۳ سے مارگی اور شکر پوروا پھالگنی نکشتر میں داخل ہوگا ۔ گیہوں ، جو ، جوار ۔ باجرہ ، اُڑد ۔ مونگ و چنوں کے بھاؤ میں کمی بیشی ہوگی ۔ تاریخ ۱۶ سے سورج سنگھ راشی میں اتوار کو داخل ہوگا ۔ گیہوں ۔ چنا ۔ چاول ۔ گڑ ۔ تیل رسدار چیزوں میں تیزی ہوگی ۔ سونا ۔ چاندی ۔ سرسوں ۔ السی ۔ تینوں کے بھاؤ میں تیزی ہوگی ۔ تاریخ ۲۱ سے منگل مرگشرا نکشتر میں آکر تل ۔ تیل ۔ السی ۔ چاندی ۔ تانبہ میں تیزی ہوگی ۔ روئی میں پہلے مندہ اور پھر تیزی ہوگی ۔ تاریخ ۲۳ کو شکر اترا پھالگنی نکشتر میں آئے گا ۔ اسی روز برہسپت و شکر کی آپس میں یوتی ہونے سے وعدہ بازار کی استقی یک دم ڈانوا ڈول ہوگی ۔ گیہوں ۔ جو ۔ باجرہ ۔ اُڑد ۔ مونگ چنے ۔ تل ۔ تیل ۔ مونگ پھلی کا ریفائنڈ آئل ، مویشی چارہ اور کریانہ چیزیں ایک دن خاموش رہ کر پھر تیزی کی لائن پکڑے گی ۔ تاریخ ۲۶ کو برہسپتی اترا پھالگنی نکشتر میں داخل ہوگا ۔ گڑ ۔ چینی ۔ شکر ۔ روئی ۔ کپاس ۔ گیہوں و دال تتھا شیئروں کے بھاؤ میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے ۔ اسی دن کنیا کا شکر چینی ۔ چاول ، روئی اور چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی کا رُخ رہے گی ۔ بیوپاری لوگ سادھانی سے کام لیں ، تاریخ ۲۸ کو شکروار اماوس بھی چاندی تیزی کا رُخ رہے گی ۔ تاریخ ۳۰ کو سورج پوروا پھالگنی میں داخل ہوکر ۴ دن میں سونا ، زیرہ گڑ ، چینی ، سرسوں تل تیل گھی ۔ چاول روئی اونی کپڑوں میں تیزی کرے گا ۔ چاندی میں گھٹا بڑھی ہوگی ۔

ستمبر

بچے کو مکتب بٹھانا	۳۔۲ ۶۔۵ ۱۰۔۱۱۔۱۳	سوموار بدھوار ویروار شکروار	اشنی۔ مرگشر۔ روہنی آردرا۔ پنربس پکھ ہست۔ چترا۔ انورادھا شرون۔ ریوتی	جنم سے ۵ واں اور چھٹا برس شبھ ہے۔ سورج اترائن ہو۔ ۸ واں گھر شبھ ہو۔ ماگھ سے اساڑھ تک سورج اترائن ہوتا ہے۔
نیا مکان بنانا	۵۔۳۔۲۔۱ ۱۰۔۷ ۱۳۔۱۲۔۱۱	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ مرگشر۔ پنربس ہست۔ چترا۔ سواتی انورادھا تینوں اترا۔ دھنشٹھا ست بکھا ریوتی	بیساکھ ساون مگھر ماگھ پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں کا رنگ مدھم ہے زمین سوئی ہوئی نہ ہو۔ نیچ بن نہ ہو۔ کیندر ترکون شدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخل ہونا	۵۔۳۔۲ ۱۰۔۷۔۶ ۱۳۔۱۲۔۱۱ ۱۵	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ ریوتی۔ دھنشٹھا انورادھا تینوں اترا اور پرانے مکان کے لئے ہست۔ اشنی۔ پکھ۔ مول شرون۔ ست بکھا	بیساکھ جیٹھ۔ ماگھ پھاگن کا مہینہ ہو سورج اترائن میں مشرق ہو۔ جنم لگن راشی سے ۸ واں لگن نہ ہو۔ سورج کے نچھتر سے خراب ہے۔ عمدہ ہے۔ خراب ۹ عمدہ ہیں۔
مندر بنوانا	۵۔۳۔۲ ۱۰۔۷۔۶ ۱۳۔۱۱ ۱۵۔۱۴	منگلوار نہ ہو	اشنی مرگشر پنربس پکھ۔ چترا۔ سواتی انورادھا۔ پھر ہست شرون۔ دھنشٹھا ست بکھا ریوتی	پھاگن میں برہما اسوج۔ وشنو۔ اساڑھ گورد اساڑھ۔ بھادوں اسوج۔ پوہ چیت دیوی کا جیٹھ۔ بھادوں پھاگن سب دیوتاؤں کیلئے شبھ ہے۔
زمین میں بیج بونا	۵۔۳۔۲ ۱۰۔۷ ۱۳۔۱۱	اتوار منگلوار اور بدھ نہ ہو	اشنی روہنی مرگشر پنربس پکھ بیکھا تینوں اترا۔ ہست چترا انورادھا	لگن ستھر ہو چوتھے گھر میں شبھ گرہ یا درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔

سِکھ دھرم کے دس گوروؤں کے حالاتِ زندگی

گورو نانک دیو جی :- کارتک شدی پورنماشی سمت ۱۴۶۹ میں تلونڈی (ننکانہ صاحب) میں پیدا ہوئے اُن کے پتا کالو رام گاؤں کے پٹواری تھے۔ تیس برس کی عمر میں یہ سادھو ہو کر دھرم کا پرچار کرنے لگے۔ بہت سے لوگ اُن کے پیرو کار ہو گئے جو سکھ کہلائے انہوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ ۷۱ سال کی عمر میں اسوج بدی دسویں سمت ۱۵۹۶ میں ان کا دیہانت ہو گیا۔ آپ زندگی بھر ایکتا کا پرچار کرتے رہے۔

گورو انگد دیو جی :- بیساکھ شدی ایکم سمت ۱۵۶۱ میں جنم ہوا۔ آپ گورو نانک دیو جی کے چیلے تھے ان کی مرتیو کے بعد گدّی پر بیٹھے اُن کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے گورمکھی لپی چلائی تھی۔ چیت شدی چوتھ سمت ۱۶۰۹ میں دیہانت ہو گیا اُن کے بعد گورو امر داس جی گدّی نشین ہوئے۔

گورو امر داس جی :- یہ بیساکھ بدی چودش ۱۴۶۹ میں پیدا ہوئے انھوں نے رسم ستی کو بند کر کے بیوہ عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی گوئندوال میں ایک باؤلی بنوائی۔ بھادوں شدی پورنماشی ۱۳۔۱۵ کو دیہانت ہوا۔

گورو رام داس جی :- یہ کارتک بدی دوج ۱۵۲۴ میں پیدا ہوئے۔ لاہور میں اکبر بادشاہ سے ملاقات کی جس نے خوش ہو کر کچھ زمین دی جس پر انھوں نے ایک تالاب بنوا کر امرتسر شہر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج ۱۵۸۱ء میں مرتیو ہو گئی۔

گورو ارجن دیو جی :- ان کا جنم بیساکھ بدی سپتمی ۱۵۶۳ء میں ہوا۔ آپ گورو رام داس جی کے صاحبزادے تھے انھوں نے گورو گرنتھ صاحب کی رچنا کی۔ امرتسر میں ہرمندر صاحب بنوایا اور ترن تارن ضلع امرتسر میں ایک تالاب بنوایا جو کہ سکھوں میں بہت پوتر مانا جاتا ہے جب جہانگیر بادشاہ نے انھیں لاہور کے قلعہ میں قید کر دیا اور بعد ازاں شہید کر دیا گیا۔ جیٹھ شدی چوتھ کو اُن کی شہادت کی یاد میں جوڑ میلہ منایا جاتا ہے۔

گورو ہرگوبند جی :- آپ گورو ارجن دیو جی کے صاحبزادے تھے۔ اساڑھ بدی ایکم ۱۵۹۶ میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے پتا پر مظالم کا بدلہ لینے کے لئے ایک فوج بنائی۔ جہانگیر نے انھیں گوالیار کے قلعہ میں بند کر دیا۔ وہاں سے رہائی کے بعد انھوں نے پنجاب کے صوبیدار کو تین بار شکست دی۔ چیت شدی پنچمی ۱۶۳۸ء کو ان کی مرتیو ہو گئی۔

گورو ہر رائے جی :- یہ گورو ہرگوبند جی کے پوتے تھے۔ ان کا جنم ماگھ شدی تردوشی ۱۶۳۰ کو ہوا۔ اُن کی شہزادہ دارا شکوہ سے بہت دوستی تھی انھوں نے سکھوں کی فوجی طاقت بڑھائی۔ کارتک بدی نومی ۱۶۷۱ کو ان کی مرتیو ہو گئی۔

گورو ہرکشن جی :- یہ ساون بدی نومی ۱۶۵۶ میں پیدا ہوئے۔ بھگتی پر زیادہ زور دیا چیت شدی چودش ۱۶۶۴ کو مرتیو ہو گئی۔

گورو تیغ بہادر جی :- بیساکھ بدی پنچمی ۱۶۲۱ء میں پیدا ہوئے۔ گورو ہرکشن جی کے جانشین تھے۔ اورنگ زیب نے انھیں مسلمان بنانے کی کوشش کی۔ مگھر شدی پنچمی ۱۶۷۵ء میں انھیں شہید کر دیا گیا۔ آپ آنند پور صاحب میں رہتے اور دھرم پرچار کرتے تھے۔

گورو گوبند سنگھ جی :- آپ گورو تیغ بہادر صاحب کے صاحبزادے تھے۔ پوہ شدی سپتمی ۱۶۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے پتا کی شہادت کا انتقام لینے اور ہندو دھرم کی رکھشا کے لئے خالصہ فوج کو جنم دیا۔ اور ہر ایک کو پانچ ککے یعنی کیس، کرپان، کنگھا کچھا اور کڑا دھارن کرنا لازمی قرار دیا۔ تمباکو کا استعمال بند کر دیا۔ مغلوں کو کئی بار شکست دی۔ گوداوری کے کنارے ایک پٹھان سپاہی نے کارتک شدی پنچمی ۱۷۰۸ء کو شہید کر دیا۔

علمِ ہندسہ اور آپ کی قسمت!

آج کل غیر ممالک اور بھارت میں بھی علم ہندسہ کی مقبولیت بہت بڑھ رہی ہے اگرچہ بھارت میں پُرانے عالم فاضلوں کو اس علم کی اچھی جانکاری تھی مگر پہلے یہ علم ہندی اور سنسکرت کے ہندسوں پر منحصر ہونے کی وجہ سے اتنا مقبول نہ ہو سکا۔ اِن ہندسوں کی بنا پر آدمی کی اندرونی اور باہر خصوصیات بتائی جا سکتی ہے مگر ہمارے خیال میں علم جیوتش میں جنم پتری کی طرح آنے والے واقعات ٹھیک سے نہیں بتائے جا سکتے۔ یہاں پر انگریزی مہینوں کی جنم تاریخ کے حساب سے ایک سے نو تک مُول ہندسوں کی کیسانائی گئی ہے اور سورج وغیرہ نو گرہوں کو ان مُول اکھروں کا نمائندہ مانا گیا ہے۔ ۹ کے بعد کی تاریخوں کو مول انک (ہندسہ) بنانے کا طریقہ اس طرح ہے۔

۴ = ۳ + ۱ = ۱۳
۷ = ۵ + ۲ = ۲۵
۱ = ۷ + ۲ = ۲۸

۱ = - + ۱ = ۱۰
۲ = ۱ + ۱ = ۱۱
۳ = ۲ + ۱ = ۱۲

مول انک والے شخص

۱۔ ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصُول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کر سکتے۔ انک ۱۔ والوں کو اتوار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سُنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور ریت وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت منترت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۳۷ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔

مول انک سوئم کا پھل

قانون اور قاعدے کے پکے، اعلےٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں اس انک کا مالک برہسپت ہے ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۹، ۱۲، ~~۳۰~~ ۔ ۳۸ اور ۴۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے۔ اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں دولت زیادہ جمع نہیں کر پاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۰۔ ۴۰۔ ۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہوں گے۔ سنیچر اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھُرتی سے کام کرنے والے جلد باز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ویں ہوتے ہیں بدھ وار اور شکروار کا دن اور سفید ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے پنا پتھر دھارن کرنے سے لابھ ہوگا۔

مول انک ششم کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹو گرافی، مصوّری اور خوب صورتی کو چاہنے والے آدرش وادی اور خیالات میں گُم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاوک ردّ و بدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں، تنتر اور جادو ٹونا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوب صُورتی کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے سوم وار۔ اتوار کے دن اور ہرا رنگ شبھ ہے۔ ۶۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مُول انک ہفتم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے۔ ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پُورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند۔ دُور اندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوم وار، سنیچروار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مُول انک نہم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑھ و تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۱۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴ اور ۶۳ ویں سال خاص طور پر بھاگیہ میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

شبھ چنتک :- پنڈت بنالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

تعویذ برائے حل المشکلات

ترکیب :- جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام بر آئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا، کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے۔ مرض دور ہو جاوے، اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے۔ نقش یہ ہے ←

۱۰۲	۶۶	۳۲۹	۲۸۹
۳۳۰	۲۸۸	۱۰۳	۶۵
۲۸۷	۳۲۷	۶۸	۱۰۴
۶۷	۱۰۵	۲۸۶	۳۲۸

یہاں سے کاٹیے

ضروری ہدایات :- یہ نقش ایک بزرگ درویش (پہنچے ہوئے فقیر) کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ ان کے حکم کے مطابق یہ نقش جو کہ پنڈت دلیپ دیال کی چھپی ہوئی مفید عالم جنتری کے ... نمبر ... پر چھپا ہے کاٹ کر کسی کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویذ میں رکھ کر بائیں بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ملے گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہو۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر الٹا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے ہی کاٹ کر استعمال کریں تا کہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

مستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ با وضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھو۔ جو حرف اور عدد انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں۔

ص ۶	م ۴	ق ۱	ر ۳
ی ۱۰	ج ۱۲	الف ۲	ط ۷
ل ۱۱	ع ۹	ن ۸	س ۵

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم از کم دو ماہ لگیں گے۔
(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔
(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑیں گی۔ صدقات و خیرات جلد شروع کرو مصیبتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور مقصود بھی ملیگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہوگا (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب براری مشکل ہے۔
(ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اسے نکال دو۔ ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کافی عرصہ لگیگا گھبرا مت جانا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے۔ زیادہ کوشش سے تمکو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہو چکا ہے جو تم کو نقصان پہونچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا نمبر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کرتے ہو نقصان اٹھاتے ہو۔ یہ حالت اب جلد ختم ہونے والی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کچھ خرچ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی۔ نیت درست رکھو۔ لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اسے قطعی نکال دو۔

بارہ ماہ کی مفید و مفت ہدایت نامہ

جنوری — اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سونے سے پہلے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازہ پانی سے غسل کرنا مفید ہے

فروری — اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا۔ گرم پانی سے نہانا۔ صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا نمکین چیزیں اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے ننگے بدن اٹھ کر پاخانہ جانا مرض ہوا ... رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ — علی الصبح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا بخوبی استعمال۔ موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہئے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہئے۔

اپریل — بلکہ جلاب لینا۔ ہلکی غذا کھانا۔ کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا۔ تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا۔ صبح سویرے نہا دھو کر باقاعدہ آسن پرانایام کرنے سے جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے۔ بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی — علی الصبح اٹھنا۔ ورزش کرنا۔ ترش اشیاء کا استعمال کھانے کے بعد تھوڑا لیٹنا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہئے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا برف کا استعمال باریک کپڑے پہننا مضر ہے

جون — سر کو دھوپ سے بچانا دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں کو شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رس کا استعمال کرنا صبح کی سیر کرنا۔ سفر دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن ننگا رکھنا ... کپڑے پہننا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیاء کا استعمال مضر صحت ہے

جولائی — صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیاء اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے اور ورزش۔ گرم غذا دھوپ میں پھرنا۔ مضر صحت ہے

اگست — صبح سویرے اٹھنا تازہ پانی سے نہانا باغیچہ میں ہوا خوری ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں پانی اور کھانے کے آخر میں لسی پینی چاہئے اور ورزش زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا عورت سے زیادہ صحبت زیادہ مضر ہے

ستمبر — علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا رات کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا ضروری امر کا راز ہے اور دن کو سونا ... مضر ہے

اکتوبر — طہارت پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا دودھ دہی کا استعمال باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کا ... مضر ہے

نومبر — صبح اٹھ کر ورزش کرنا۔ بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا تازہ پانی سے نہانا اور ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر باغیچہ تیل کی مالش اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن کو سونا دہی لسی کا کھانا رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک رو کنا مضر ہے

دسمبر — گرم جگہ ورزش کرنا۔ چائے معدہ دھو پینا گرم و کالا بن کو ... بچانا گرم غذا ... کی بدن پر مالش گرم لباس پہننا اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے

دُنیا کی چند مہان شکتیوں کی جنم کُنڈلیاں

شری گنیش جی	شری رام چندر جی	شری کرشن جی
شری ہنومان جی	گورونانک دیوجی	مہاتما بُدھ
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	مہاتما یسوع مسیح	لنکا پتی راون
مہاتما گاندھی	لوکمانیہ تلک	پنڈت مدن موہن مالویہ
پنڈت جواہر لال نہرو	ڈاکٹر راجندر پرشاد	نیتاجی سبھاش چندر بوس
شیام پرشاد مکرجی	لال بہادر شاستری	ولبھ بھائی پٹیل

جب ہماری گھڑیاں ۱۲ بجاتی ہیں

نام ملک	نام شہر	وقت	نام ملک	نام شہر	وقت
برطانیہ	لندن	صبح ۶-۳۰	پاکستان	کراچی	دوپہر ۱۱-۳۰
تھائی لینڈ	بنکاک	رات ۹-۳۰	روس	ماسکو	صبح ۹-۳۰
سعودی عرب	مکۃ المکرمہ	صبح ۹-۳۰	چین	پیکنگ	دوپہر ۲-۳۰
ملیشیا	کوالالمپور	" ۲--	عراق	بغداد	صبح ۹-۳۰
فرانس	پیرس	" ۷-۳۰	امریکہ	نیویارک	دوپہر ۲-۳۰
گینیا	بیرول	" ۱۰ بجے	جاپان	ٹوکیو	" ۲-۳۰
ایران	طہران	" ۱۰	پوربی جرمنی	برلن	صبح ۷-۳۰
افغانستان	کابل	" ۱۱	مصر	قاہرہ	" ۳-۳۰
ہنگری	بڈاپسٹ	" ۷-۳۰	سوئٹزرلینڈ	جنیوا	" ۷-۳۰
برما	رنگون	دوپہر ۱ بجے	کینیڈا	کینیڈا	رات ۱۱-۳۰
سنگاپور	سنگاپور	" ۱	[illegible]	[illegible]	صبح ۷-۳۰

علمِ مسمریزم

قوّتِ روحانی:- مسمریزم کے شائقین کو سب سے اول آنکھوں اور ہاتھوں میں اس مقناطیسی طاقت کو پیدا کرنا چاہیئے۔ جس کی تاثیر سے جسم میں تقویت چہرہ پر روشنی اور آئندہ و گذشتہ جنموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ اس طاقت کے حاصل کرنے میں عامل جتنی محنت اور لگن کرتا ہے اتنی ہی روحانی طاقت اس میں بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے اس کے اندر کافی روشنی پیدا ہو جاتی ہے وہ قدرت کے تمام نظاروں کو روشن ضمیری سے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھ سکتا ہے اس مشق کے بڑھنے سے وہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس سے وہ پرماتما کے اصل نور سے واصل ہو جاتا ہے اور خواہش پدری کو پالیتا ہے۔

روشن ضمیری کی مشق:- جب شکل پکش کی پڑوا سے چاند اپکش ہو کر اس وقت اس عمل کو شروع کرنا چاہیئے۔ اس عمل کو شروع کرنے کے وقت ایک آسن پر گوشۂ تنہائی میں دو زانو بیٹھ کر کسی شئے کا تصوّر کرو جو سب سے زیادہ مرغوب ہو۔ اگر انسان ہے تو اسکی طرف متوجہ ہو۔ خیال کرو کہ یہ تمہارا معمول ہے اور تم اس کے عامل ہو۔ پس اپنے مقابل معمول کو جنوب کی طرف رُخ کر کے بٹھا دو یعنی پشت اس کی شمال اور منہ جنوب کی طرف ہو۔ اور عامل اس کے بالمقابل آنکھیں بند کر کے اس کے تصوّر کو اپنے سامنے رکھے اور کوشش و استقلال سے اس خیال و تصوّر پر کسی غیر خیال کو اپنے درمیان سے روکنے کی کوشش رکھے۔ اگر پہلے دن وہ تصوّر ایک منٹ کا رہا ہو تو دوسرے دن دو منٹ کا ہونا چاہیئے اگر گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ اسی طرح سے مشق کرو گے تو پھر ایک دن ایسا آئیگا کہ وہ چند منٹ بلا کسی خلل اندازی کے اپنے معمول کے تصوّر کو اپنی آغوش میں قوت مقناطیسی کے تحت رکھ سکے گا۔ یہ قوت قدرتاً حیوانات نباتات اور جمادات میں بھی موجود ہے جس کی خاصیت سے دُنیا کا کاروبار چل رہا ہے۔ یہ مقناطیسی قوت ہاتھ کی انگلیوں اور ماتھے کے علاوہ سانس اور آنکھ کے ذریعے خارج ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ اپنے خیالات کو ایک نقطہ پر قائم نہیں رکھ سکتے۔

قوّتِ روحانی:- قوت روحانی میں انتشار خیالات کا سب سے بڑا بادشاہ دل قرار دیا گیا ہے جس کے دو وزیر یعنی آنکھیں وزیر داخلہ اور کان وزیر خارجہ ہیں اسمیں دل کو دو قسموں کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک خواہش اپنی اور دوسری اس کو سُنکر پیدا ہوتی ہے کان کسی نیک و بد آواز کو سُنکر اسکو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور بعد ازاں آنکھوں کے ذریعے اس کو دیکھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اس لئے کانوں سے ایسی باتیں جو اس طاقت کے حاصل کرنے میں مانع ہوتی ہیں ہرگز سُننے کی خواہش نہ کرو اور ناک کے ذریعہ کوئی ایسی چیز مت سونگھو جو تمہارے دل و دماغ کو پراگندہ کرتی ہے آنکھوں سے ایسی چیز دیکھنے کا خیال مت کرو جو تمہارے دماغ کو منتشر کرے۔ جسم سے ایسی طاقت ضائع نہ کرو جو تمہاری سب طاقتیں برقرار رکھنے کی رہنما ہے۔ اس ترکیب و مشق کے ذریعہ جو لوگ انتشار خیالات کو روک کر اپنے دل کی توجہ ایک مرکز پر قائم کر لیتے ہیں وہ خود بخود روشن ضمیر ہو کر اپنی قوت رُوحانی کے ذریعہ دوسروں کو خود بخود اپنا مطیع کر لیتے ہیں۔ جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد سُورج طلوع ہونے سے قبل ایک خالی اور تنہا مکان میں جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو، چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھ کر آنکھیں بند کر لو اور دل کو ادھر ادھر جانے سے روک دو اس میں چند روز تکلیف ضرور محسوس ہوگی کیونکہ دل اِدھر اُدھر بھٹکے گا لیکن بالآخر بہ قابو ہو جائے گا۔

دوسری مشق:- جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد گلاس میں پانی لے لو اگر مرض سردی سے ہو تو بذریعہ تصوّر اس پانی میں سورج کو دیکھو اگر گرمی سے ہو تو چاند پر نظر جماؤ اس وقت عامل جس سیارے کا خیال کرے گا وہی منظر آئیگا نظر جمانے وقت خواہش کرنی چاہیئے کہ مرض دور ہو جائے پھر وہ پانی مریض کو پلا دو۔ پانی حلق سے اترتے ہی مریض کو شفا ہوگی۔ مفصل علم مسمریزم ہم سے منگوائیں۔

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام دو سال

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
لنگر صاحب	حیدرآباد	۱۱ محرم الحرام
بجھورے میاں صاحب	رام پور	۱۴ ر ″
بابا فریدالدین گنج شکر	پاک پٹن	۵ ر ″
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ ر ″
بابا بھول شاہ	اجمیر	۲۵ ر ″
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ ر ″
شاہ جمال	رام پور	۱-۴ ر صفر
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ ر ″
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ ″
عبدالرحیم	دلی	۱۳ ر ″
میاں کالے	دلی	۱۴ ″
مراد اللہ	لکھنؤ	۱۴ ″
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ ″
شاہ مینا	لکھنؤ	۲۲ ″
علی شاہ	دلی	۲۳ ″
محمد ابوالحسن	[illegible] آباد	۲۴ ″
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ ″
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ ″
صادق شاہ	کانپور	۲۸ ″
شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷-۲۹ ″
محمد کابل	جلال پور	۴ ر ربیع الاول
میاں شیر محمد	شرق پور	۲ ر ″
دانی بخش	اورنگ آباد	۶ ″
میاں میر	لاہور	۷ ر ″
قدیم شریف	آگرہ	۱۱ ر ″
مخدوم علاء الدین صابر	کلیر	۸-۱۳ ″
شاہ محمد غوث	لاہور	۱۶ ر ″
شاہ ابو العلی	لاہور	۱۷ ر ″
قطب الدین بختیار کاکی	مہرولی	۱۸ ″
خواجہ نظام الدین اولیاء	دلی	۱۷ ر ″
شاہ جمال	لاہور	۳ ر ربیع الثانی
حافظ علی	مرادآباد	۳ ر ″
سائیں حبیب اللہ شاہ	فیروزپور جھاوڑی	۲۹، ۳۰ ″
نظام الدین	دلی	۱۶
شاہ دولہ دریائی	گجرات	۱۹ ″
[illegible] محمد [illegible]	گڑھ مکتیشور	۲۳
بسی صاحب	[illegible]	۲۶
حضرت سید صاحب	[illegible]	[illegible]
بی بی پاکدامن	لاہور	۶ ر جمادی الثانی
[illegible] زینب	دلی	[illegible]
محمد فضل شاہ	لکھنؤ	۵

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۱۷ ر ″
شاہ دولہا دریائی	گجرات	۱۹ ر ″
نظام الدین	دلی	۱۵، ۱۷ ر ″
حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۵ ر ″
شمس الدین	پانی پت	۱۹ ر ″
حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور جھاوڑی	۱۵ تا ۳۰ ″
مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶ ر ″
میاں بادشاہ	لاہور	۸ ر ″
عبدالحکیم	″	۱۲ ر ″
خواجہ شمس الدین	عثمان آباد	۱۶ ″
شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ ر ″
خواجہ ناصر دہلوی	دلی	۲ ر شعبان
فضل علی	علیگڑھ	۱۱ ″
مولانا [illegible] ولی	لکھنؤ	۲۰ ″
مولانا [illegible] حق	لکھنؤ	۲۶
[illegible] بادشاہ	آگرہ	۲۷
بندگی شاہ	سکندرآباد	۲۹
بوعلی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ ر رمضان
سید محمد غوث	گوالیار	[illegible]
نصیر الدین چراغ دہلوی	دلی	۱۵، ۱۷ ر ″
پیر شاہ ولایت	دیوبند	۲۱ ″
مولانا فضل الرحمن	مرادآباد	۲۴ ″
میاں وڈے شاہ	لاہور	۵ ر شوال
شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ ر ″
پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵، ۸ ″
شاہ احمد سرور	مرادآباد	۸ ر ″
شہید ثالث	آگرہ	۱۲ ر ″
مادھو لال حسین	لاہور	۱۸ ر ″
خواجہ امیر خسرو	دلی	۱۷، ۱۸ ر ″
کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ ر ذیقعدہ
جہالم شریف	″	۱۲
[illegible] نظام	اورنگ آباد	۱۴ ″
[illegible] عبدالخالق	[illegible]	۲۸ ″
[illegible]	الہ آباد	[illegible]
حاجی محمود [illegible]	[illegible]	۱۷ ر ذالحجہ
خلیفہ [illegible]	[illegible]	۲
عرس نیاز احمد شاہ	[illegible]	[illegible]
عرس نیاز دو شاہ		۱۷ [illegible]
عرس امام [illegible]	[illegible]	۱۱ [illegible]
عرس میاں داد [illegible]	[illegible]	[illegible]

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کیلئے ناقص ہوتے ہیں۔ اگر ایک (ور) کی کنڈلی منگلیک اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہیئے۔ اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہوں تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگرچہ یونی گن، ناڑی گن وغیرہ کا میلان بھی کرنا چاہیئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر:

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ۱، ۴، ۷، ۸ اور ۱۲ ویں گھر میں کہیں سنیچر پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پر کوئی طاقتور پاپی گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ دونوں کا میلان ہوتا ہو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہو تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندر یا ترکون استھان میں چندر منگل کی یوتی بھی منگل دوش نہیں رہتا۔

قومی میلے اور عرس جموں و کشمیر سنہ ۱۹۹۰ء

نام	تاریخ	نام	تاریخ
حاجی محمد مراد بخاری صاحب	۱۷ ر ذی الحجہ	میر سرک صاحب اندرابی صاحب	۵ ر صفر
حضرت مولانا نعیم الدین	۱۸ ر ″	امام موسیٰ علی رضا	۹ ر ″
حضرت شیخ شہاب الدین [illegible] وردی	۱ ر محرم الحرام	خواجہ نجم الدین احمد کبری	۱۷ ر ″
میر حیدر ریشی تولہ مولا	۸ ر ″	شیخ مخدوم کشمیری	۲۴ ر ″
یوم عاشورہ	۱۰ ″	مولانا احمد رضا خاں	۲۵ ر ″
بابا نصیب الدین غازی	۱۲ ″	عرس حضرت کاکا	۲۹ ر ″
سید محمد عالی کمبر لوپرہ	۱۲-۱۶ ″	شاہ ہمدان کاشمیری	۶ ر ربیع الاول
امام زین العابدین رض	۱۸ ″	شیخ عبدالقادر جیلانی	۱۱ ر ″
میاں شاہ صاحب قادری	۱۵ ″	عید میلاد النبی ص	۱۲ ر ″
شیخ قمر الدین شیرگڑھی	۲۴ ″	میر محمد ہمدانی	۱۷ ر ″
حضرت مخدوم اشرف جہانگیر ثانی	۲۸ ″	شاہ نعمت اللہ قادری	۲۶ ″
شیخ بابا داؤد خاکی رح	۲ ر صفر	وفات سید مظفر شاہ	۱۰ ر جمادی الاول

اہلِ اسلام کے تیوہار کب اور کیوں منائے جاتے ہیں

تیوہار	تاریخ	تفصیل
محرم الحرام	۱۰ ر محرم	اس دن امام حسین نے وفات پائی۔ اُن کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔
چہلم شہدائے کربلا	۱۹ ر صفر	اس دن محرم سے ۴۰ ویں کربلا میں جا کر شوک منایا جاتا ہے۔
آخری چہار شنبہ	صفر آخری بدھوار	حضرت محمد بیماری سے صحتیاب ہوئے کو صفر کے آخری بدھوار غسل کے بعد فوت ہوگئے
عید میلاد النبی	۱۲ ربیع الاول	اس دن حضرت محمد صاحب کا جنم ہوا تھا۔
بارہ وفات		اس دن حضرت محمد صاحب اس دنیا سے رحلت فرما گئے۔
گیارہویں شریف	۱۱ ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظم بغداد وفات پا گئے۔ محتاجوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔
شب معراج	۲۷ رجب	اس دن حضرت محمد اللہ تعالیٰ کی دعوت پر عرش معلیٰ پر ملاقات کرنے کیلئے گئے تھے۔
شب برات	۱۴ شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا اس دن معاوضہ ملتا ہے۔ یہ رات نہائت متبرک ہے۔
جمعۃ الوداع	رمضان آخری جمعہ	رمضان مہینے کے آخری جمعہ کے دن مسلمان اکٹھے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے تمام روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو مسلمان مناتے ہیں۔
[illegible]	۱۰ ذی الحجہ	حضرت ابراہیم نے خدا کے حکم پر اپنے پیارے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی دی۔
[illegible]	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمد رسول اللہ پر نازل ہوا تھا۔ لہٰذا سب سے مقدس مہینہ ہے۔

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے سبھی گرہ اپنی دشا اور انتر دشا کال میں پھل دیتے ہیں جو گرہ اُچ راشی، متر راشی یا اپنی راشی میں رہتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہوں وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، ترقی میں رکاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔!

سورج دشا پھل :- سورج جنم میں میکھ راشی کا اُچ میں ہو اور دس انش میں پڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر

کا سُکھ، بیوپار کاروباری فائدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائدہ مند غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو پاپ کرت و پاپ. درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج جھگڑا، جُدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دُکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج متھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سُکھ۔ والدین کو تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راجہ جیسا سُکھ بھوگے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سُکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سُکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین وغیرہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا پرتاپی رعب دار ہو زیر واگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سُکھ دے پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کُل میں خاندان اور سادھو برہمن اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سُکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکر مندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کُنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لابھ، راج دربار سے سُکھ، پُتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زہر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :- پورن اُچ کا اور شبھ گرہ یکت چندرماں ہو تو اسکی دشا میں ہر طرح سے عزت مان

دولت، دھن وغیرہ حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ نیچ یا شترو میں رہنے سے چندرماں کی دشا میں لڑائی جھگڑا، سردرد، مالی نقصان وغیرہ پھل ہوتا ہے چندرماں میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں استری سُکھ، بدیش یاترا، جھگڑا، سر روگ، برکھ میں ہو تو دھن اور واہن کا لابھ، استری سے پریم ماتا کی مرتیو۔ پتا کو دُکھ۔ متھن میں ہو تو غیر ملکی سفر، دھن جائیداد کا فائدہ کرک میں ہو تو پوشیدہ مرض، دھن دولت کی بردھی، کلا پریم۔ سنگھ میں ہو تو عقلمند، مان عزت والا، دھن لابھ ہو۔ کنیا میں ہو تو بدیش یاترا، استری پراپتی ادب سے پریم، دھن لابھ۔ تُلا میں ہو تو مخالفت، فکر، ایمان ہو لیکن تجارت میں مالی منفعت، نازک حصہ میں بیماری۔ برشچک میں ہو تو فکر، بیماری معمولی مالی فائدہ اور دھرم ہانی۔ دھن میں ہو تو سواری کا فائدہ لیکن مالی نقصان مکر میں ہو تو سُکھ، پُتر استری دھن کی حصولیابی، دماغی خلل والے روگ سے نقصان تکلیف۔ کُنبھ میں ہو تو عیش پرست، قرضخواہ، ناف کے اوپر اور نیچے درد، دانت و آنکھوں کی بیماری سے تکلیف۔ مین میں ہو تو چندرماں کی دشا میں دھن لابھ، پُتر لابھ، دشمنوں کی تباہی وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔

منگل دشا پھل :- منگل اُچ اپنے ستھان یا مُول ترکون میں ہو تو اس کی دشا میں عزت شہرت: عورت و اولاد کا سُکھ

جرأت و ہمت، مالی فائدے وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔ منگل میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں دھن لابھ شہرت اور اگنی سے دُکھ ہو۔ برکھ راشی میں ہو تو بیماری، دوسروں سے مالی مفاد، دوسروں کا بھلا کرنے والا ہو۔ متھن میں ہو تو غیر ملک میں قیام۔ چالاک، فضول خرچ، پت وایو سے کشٹ اور کان کی بیماری سے دُکھ ہو۔ کرک میں ہو تو دھن دان، کلیش۔ بیوی اور اولاد سے دور قیام۔ سنگھ میں ہو تو حکمران سے فائدہ، ہتھیار اور آگ سے دُکھ، مالی اخراجات، کنیا میں ہو تو پُتر زمین دھن، اناج سے مالا مال۔ تُلا میں ہو تو استری دھن سے محروم، جھنجھٹ کلیش زیادہ، برشچک میں ہو تو اتی دھن سے مالا مال آگ اور ہتھیار سے دُکھ پہنچے۔ دھن میں ہو تو راج دربار میں عزت، کاموں میں فتح، دولت کا حصول۔ مکر میں ہو تو اختیارات ملیں گے سونے و رتن سے فائدہ، کام ستھ ہوں۔ کُنبھ میں ہو تو بد چلن مفلس، مریض۔ فضول خرچ اور تشویش مند۔ مین میں ہو تو قرضے سے دبا ہوا، فکر مند، چھُوت کی بیماری، کھجلی اور درد وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

بُدھ دشا پھل :- اُوچ اپنی راشی میں ہونے اور بلوان بُدھ کی دشا میں تعلیم، سائینس، آرٹ اور زراعت میں

ترقی، دھن لابھ۔ خاوند بیوی کو سُکھ، کھانسی، گیس اور پت سے تکلیف میکھ راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں دھن نقصان اور فریبی رجحان۔ برکھ راشی میں ہو تو دھن اور شہرت یافتہ، اولاد و بیوی کی فکر، زہر سے نقصان متھن میں ہو تو تھوڑا فائیدہ، معمولی تکلیف، ماتا کو سُکھ، کرک میں ہو تو دھن کا حصول، شعرو شاعری کی طرف رغبت، غیر ملک کا سفر۔ سنگھ میں ہو تو گیان دھیان کی پراپتی، دھن کا ناش، کنیا میں ہو تو گرنتھوں کی رچنا اندرونی اہلیت و قابلیت میں اضافہ، دھن اور عیش و عشرت کا حصُول برشچک میں ہو تو کام بگڑا، بد چلنی، فضول خرچی وغیرہ پھل دے۔ دھن میں ہو تو منیسٹا گری کرے، وزیر بننے کا یوگ اور حکومت حاصل ہو۔ مکر میں ہو تو نیچ آدمیوں سے دوستی، مالی نقصان، تھوڑا فائیدہ ہو۔ کنبھ میں ہو تو رشتہ داروں کو تکلیف، افلاس، بیماری اور کمزوری وغیرہ رہے مین راشی میں ہو تو بُدھ کی دشا میں کھانسی، زہر اور آگ اور ہتھیار سے تکلیف، تھوڑا نقصان، کئی طرح کے جھنجھٹ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

اگر کسی بچے کی جنم کنڈلی میں اشبھ گرہ کی حالت میں ہو یا خراب گرہ کی دشا انتر دشا چل رہی ہو تو حسب ذیل طریقے سے خراب (اشبھ) گرہ کی شانتی کے لئے برت رکھنے سے کلیان ہوگا۔ مفصل جانکاری کے لئے ہمارے دفتر سے بہودھی سپتاہ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت ۵/- روپے

اتوار کے برت کا طریقہ

سبھی خواہشات وتمناؤں کی تکمیل، آنکھوں کی بیماری، کوڑھ یا چمڑے کے روگوں کے ناش کے لئے نیز درازی عمر، خوش قسمتی میں اضافہ کے لئے اتوار کا برت رکھا جاتا ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے اتوار کو شروع کرکے ایک سال تک یا کم از کم ۱۲ برت ضرور رکھیں۔ برت کے دن صرف گیہوں کی روٹی یا گڑ سے بنا دلیہ گھی شکر کے ساتھ کھائیں۔ بھوجن سے پہلے اشنان کرکے صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔ اور "اوم ہراں ہریں ہروں سہ سوریائے نمہ" بیج منتر کا پانچ مالا کریں اور رَوی وار کتھا پڑھیں۔ اس کے بعد سورج کو گندھا کشت، لال پھول ڈال کر تانبے کے جل سے حسب ذیل منتر پڑھتے ہوئے ارگھ دیں۔

"نمہ سہسر کرن سرو دیا دھی ناشن، اگران اردھیہ میا دتم بھگیا سہتوادے"

پھر یہ دکشا کرکے سرخ چندن کا تلک لگائیں۔ آخری اتوار کو ہون کے بعد برہمن جوڑے کو بھوجن کرا کے اپنی سامرتھ شکتی کے مطابق سرخ کپڑے، پھل پھول وغیرہ اور دکشنا سے خوش کریں۔

سوموار کے برت کا طریقہ

یہ برت ساون، چیت، بیساکھ، کارتک یا مگھر کے مہینوں کے شکل پکش کے پہلے سوموار سے شروع کریں۔ اس برت کو پانچ برس، ۱۴ برس یا ۱۶ سوموار۔ پورن شردھا کے ساتھ ودھی پورک دھارن کریں۔ چیت، شکل اشٹمی تتھی آردرا نکشتر سوموار کو یا ساون ماہ کے پہلے سوموار کو برت شروع کرنے کا خاص مہتو ہے۔ برت شروع کرنے والے استری پرش کو چاہیئے کہ صبح سویرے جل میں کچھ کالے تل ڈال کر اشنان کرے اس کے بعد "اوم نمہ شوائے" وغیرہ جنتو منتر کے ذریعہ اور سفید پھولوں، سفید چندن، پنچامرت، اکشت، سپاری، پھل، گنگا جل، بلو پتر وغیرہ سے شو پاروتی کا پوجن کرے اور پوجا کے بعد برہمن کو دان دکشنا کرکے خود بھوجن کرے۔ بھوجن ایک وقت بغیر نمک کے ہونا چاہیئے۔ برت کا اُدھیاپن بھی متذکرہ مہینوں میں کرنا اچھا پھل دینے والا ہوگا۔ اُدھیاپن میں دشانش جپ کا ہون کرکے سفید پدارتھ، دودھ، دہی، کھیر، چاندی، سفید پھولوں کا دان کرنا چاہیئے۔ یہ برت کرنے سے دیرگھ سوداگ، زنانہ سکھ، شانتی، دھن، پتر وغیرہ سب سکھوں کی پراپتی ہوتی ہے اور سب طرح کے دکھ دور ہوتے ہیں۔

منگلوار کے برت کا طریقہ

ہر طرح کے سکھوں، خون کے روگ، دشمن کے ناش، صحت کی سنبھال اور بیٹے کی ولادت کے لئے منگلوار کا برت اہم ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے منگلوار سے شروع کرکے ۲۱ ہفتے تک یا حسب توفیق زندگی بھر رکھیں۔ اس برت میں گیہوں اور گڑ کے ساتھ بھوجن کریں۔ بھوجن نمک کے بغیر ایک ہی وقت کریں۔ اس برت سے منگل گرہ کے ارشٹ دوش بھی شانت ہو جاتے ہیں۔ برت میں شری ہنومان جی کی لال پھولوں، پھلوں، تانبے کے برتن اور ناریل سے پوجا دان کرنا چاہیئے۔ اور شری ہنومان چالیسا کا پاٹھ کرنا چاہیئے۔ بھوم گرہ کی شانتی کے لئے "اوم کراں کریں کروں سہ بھومائے نمہ" کی پانچ مالائیں کرنی چاہئیں اور گڑ، پیلے لڈوؤں اور سرخ کپڑے کا دان کرنا چاہیئے۔

بُدھوار کے برت کا طریقہ

بدھوار کا برت بدھ گرہ شانتی اور دھن بُدھی ودیا اور بیوپار میں توسیع وترقی کے لئے رکھا جاتا ہے۔ یہ برت وشاکھا نکشتر کے وقت سے بدھوار کو شروع کرکے ہر بدھوار یا سات بدھوار تک کریں۔ برت کے دن غسل کرکے ہرے کپڑے پہن کر شری وشنو سہسر نام کا پاٹھ اور گرہ شانتی کے لئے بیج منتر "اوم براں بریں بروں سہ بدھائے نمہ" کا پاٹھ کریں۔ اس دن ایک وقت نمک کے بغیر بھوجن گھی، مونگ یا مونگ کی دال سے بنے میٹھے کھانے کا دان کریں اور خود بھی یہی استعمال کریں۔ آخری بدھوار مدھو شری بدھی اور گھی کے ساتھ ہون کریں اور ہرے کپڑے، پھل اور مونگ کا دان کریں۔ گائے کو ہرا گھاس ڈالیں۔

برہسپتی وار کے برت کا طریقہ

یہ برت برہسپت گرہ کی شانتی اور شادی کے سکھوں، تعلیم، پتر سنتان اور دولت کے حصول کے لئے بہترین ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے ویر وار کو شروع کریں۔ ویروار کے دن انورادھا نکشتر ہو تو اور بھی اچھا ہے۔ یہ برت پیلا یگیوپویت دھارن کرکے برہسپتی کی پوجا خود یا کسی شریشٹھ برہمن کی طرف سے کرائی جانی چاہیئے۔ پوجا میں کھڑاؤں چھاتہ اور کمنڈل رکھیں اور پیلے رنگ کے پھول، چنے کی دال، پیلے کپڑے، پیلا چندن، ہلدی اور پیلے چاول لڈو وغیرہ کا بھوگ لگانا چاہیئے۔ ان کا دان کرکے ہی خود ایک وقت کا بھوگ لگائیں۔ نمک کا استعمال نہ کریں۔ اس دن کیلے کے پودے کا پوجن کرنا شبھ ہوتا ہے۔ گورو (برہسپت) شانتی کے لئے "اوم گراں گریں گروں سہ گرووے نمہ" منتر کی پانچ مالا کا جاپ کریں۔ ادھیاپن میں دشانش حصہ کا ۲۰ سمدھا مدھو سرپی، گھی، دہی کے ساتھ ہون کرنا چاہیئے۔

شُکروار کے برت کا طریقہ

یہ برت دھن دولت، شادی، اولاد جیسے دنیاوی (مادی) سکھوں کو دینے والا ہے۔ اکثر شکل پکش کے پہلے شکروار سے شروع کیا جاتا ہے۔ ساون ماہ کے پہلے شکروار کو برت شروع کرنے سے

(باقی صفحہ ۸۱ پر)

بقیہ: گرہوں کی شانتی کیلئے سات داروں کے برت کا طریقہ

صفحہ ۱۹ کا ....

خاص طور پر لکشمی کی کرپا رہتی ہے۔ برت کے دن اشنان کرکے سفید کپڑے پہن کر شری لکشمی دیوی کی دھوپ دیپ، سفید چندن، چاول، سفید پھول، چینی مٹھائی سے پوجا کرکے بچوں میں سفید مٹھائی، کھیر اور پھل وغیرہ بانٹ دیں گرہ شانتی کے لئے "اوم دراں دریں دروں سہ شکرائے نمہ" کی تین مالا کا پاٹھ کریں۔ خود بھی ایک وقت کھیر وغیرہ سفید چیزوں کا استعمال کریں نمک استعمال نہ کریں۔ ادھیاپن اور ہون وغیرہ کے بعد برہمن بالکوں کو کھیر، چاول وغیرہ کا بھوجن کرانے اور سفید کپڑے چینی چاول، چاندی پھل وغیرہ سفید اشیاء کا دان کریں۔

سنیچر وار کے برت کا طریقہ

یہ برت شنی گرہ کی ارشٹ شانتی کے لئے ہے اور پرانے و پیچیدہ امراض، دشمن کے خوف، اقتصادی کرائسیس، ذہنی سراسیمگی و پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ دھن دولت اور بیوپار میں توسیع و ترقی کا ضامن ہے۔ یہ برت شکل پکش کے شنی وار بالخصوص ساون ماہ کے شنی وار کو لوہے سے بنی شنی کی مورتی کو پنچامرت سے اشنان کرا کے دھوپ، سوگندھ، نیلے پھول، پھل اور نیویدھ وغیرہ کے پوجن سے شروع کرنا چاہیئے۔ "اوم شن شنے شچرائے نمہ" منتر کی تین مالا کا جاپ کریں۔ برت کے دن نیلے کپڑے پہنیں۔ ایک برتن میں سرسوں کا تیل، کالے تِل، نیلے پھول، لونگ، تیل، گنگا جل، دودھ ڈال کر مغرب کی طرف منہ کرکے پیپل کی جڑ میں ڈال دیں۔ اس کے بعد شنی جی کی اُپاسنا کریں۔ ۱۹ شنی وار کرنے کے بعد ادھیاپن کے وقت شنی ستوتر کا پاٹھ، جوتے، جراب، نیلے رنگ کا وستر، کالے ماش، چاقو اور تیل سے بنی اشیاء کا دان کسی بوڑھے برہمن کو دیں اور خود بھی اُڑد (ماش) وغیرہ اور تیل سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔

راہو کی شانتی: اس کے لئے بھی شنی وار کا برت متذکرہ بالا طریقہ سے کریں اور دان میں ناریل، بھورا کمبل یا وستر دیں۔

علاوہ ازیں پرندوں کو باجرہ ڈالنا چاہیئے۔ راہو کے بیج منتر کا پاٹھ کرنا اچھا ہوگا۔

کیتو گرہ کی شانتی: کے لئے کیتو کے بیج منتر "اوم سراں سریں سروں سہ کیتوے نمہ" کی پانچ مالا کا جاپ اور پوجن منگل وار کے برت جیسا کرنا چاہیئے۔

ستناجا

کالے ماش (اُڑد) مونگ گیہوں، چنے، جو، چاول اور کنگنی

آکٹ گند: اگر، تگر، کستوری، کنگو، کپور، چندن لونگ گوروچن

مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لئے پنڈت پنّالال جیوتشی ایم اے جنرل مرچنٹ ڈیڈا، ہوشیار پور کو خط لکھیں۔

برہسپت دشا پھل:

برہسپت کی دشا میں گیان لابھ، دھن لابھ، گلے کا روگ، پھوڑے پھنسی وغیرہ سے دکھ ہو۔ میکھ راشی میں برہسپت ہو تو اسکی دشا میں افسری، تعلیم استری دھن پتر کی پراپتی، مان عزت پائے۔ برکھ میں ہو تو ربیض، غیر ملک میں قیام، مالی نقصان۔ متھن میں ہو تو مخالفت، کلیش، دھن کا ناش۔ کرک میں ہو تو حکام سے لابھ، عیش و عشرت اور آرام و آسائش کا حصول، شہرت، عزت ملے۔ دوستی، اعلےٰ رتبہ اور وظیفہ ملے۔ سنگھ میں ہو تو بادشاہ سے عزت پائے، ترقی پتر رشتہ دار لابھ، خوشی، اناج اور دھن دولت سے مالا مال۔ کنیا میں ہو تو راج کی بدولت دھن لابھ۔ حکومت میں یوگ دان دینا، سفر، جھگڑا۔ [illegible] میں ہو تو کچھ تھوڑا بہت عقلمندی، ذہانت اور اندرونی اہلیت کی کمی، بے عزتی ہو، [illegible] بڑھے۔ برشچک میں ہو تو پتر لابھ، صحتمندی، دھن لابھ، سارے قرضہ ادا [illegible]۔ دھن راشی میں ہو تو سیناپتی، وزیر، ممبرشپ، اعلےٰ مراتب، کم لابھ، مکر [illegible] ہو تو مالی کشٹ، پوشیدہ امراض، کنبھ میں ہو تو راجہ سے عزت اور بحالی، اسمبلی یا پارلیمنٹ کا ممبر، تعلیم و دولت کا حصول۔ مال سکھ مین میں ہو تو تعلیم دولت [illegible] استری پتر سکھ، خوشی حاصل ہو۔

شکر دشا کا پھل:

شکر کی دشا میں رتن، وستر، زیورات، عزت، دنیاوی حسن، نئے کام کی شروعات، کاروبار، لسکین موسیقی سے لطف اندوز ہونے کا پھل حاصل ہو۔ میکھ راشی میں شکر ہو تو من میں چنچلتا، غیر ملکی سفر، گھبراہٹ، غصہ حسد، پرائی عورت سے محبت [illegible]۔ برکھ میں ہو تو تعلیم کا حصول، دھن کنیا سکھ کی حصولیابی۔ متھن میں ہو تو شعر و شاعری سے رغبت، خوشی، دھن لابھ، پتر ہانی، مویشیوں سے لابھ۔ کرک میں ہو تو مالی سنکٹ، دکھی، غیر ملکی سفر، استری پتر سے مخالفت، سنگھ کا سامنا۔ تلا میں ہو تو شہرت ملے، غیر ملکی سفر، بے عزتی بھی ہو۔ برشچک میں ہو تو پتاپ وان، کلیش، دھن ہانی، سکھ، چنتا، استری تکلیف ہو۔ دھن راشی میں ہو تو شعر و شاعری کا رجحان، اہلیت میں اضافہ، راجہ سے عزت ملے، پتروں سے پیار۔ مکر میں ہو تو چنتا، کشٹ، بات کف سے روگ۔ کنبھ میں ہو تو پرائی استری سے محبت، روگ، کشٹ، دھن ہانی اور مین دشا میں ہو تو راجہ سے دھن لابھ، بیوپار سے لابھ، کاروبار میں توسیع و ترقی، سینما گھر، ویڈیو، کھیلوں کا حصول ہو۔

شنی دشا پھل:

بلوان شنی کی دشا میں جاتک کو دھن، جن، سواری، پرتاپ، سفر، عزت، شہرت کے علاوہ روگ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

میکھ راشی میں شنی ہو تو شنی کی دشا میں آزادی، باہر قیام، نازک جسم پر روگ، چمڑی روگ، کسی رشتہ دار سے جدائی۔

برکھ میں ہو تو کوششوں میں کمی، وایو پیڑا، جھگڑا، کلیش، دست کی روگ، راجہ سے عزت مان، فتح حاصل ہو۔ متھن میں ہو تو قرضہ، کشٹ، چنتا، غلامی۔ کرک میں ہو تو آنکھ کان کے روگ، رشتہ دار سے جدائی، دکھ، مصیبت۔ افلاس سنگھ میں ہو تو روگ، کلیش، اقتصادی مشکلات۔ کنیا میں ہو تو مکان کی تعمیر، زمین، کچھ سکھ ملے۔ تلا میں ہو تو اناج دھن کا حصول۔ فتح حاصل ہو، خوشی ملے۔ عیش و عشرت کا سامان ملے۔ برشچک میں ہو تو سفر، کمینہ پن، کنجوسی، بیج سنگھ، معمولی اقتصادی تکلیف۔ دھن میں ہو تو راجہ سے عزت و احترام، پبلک میں ہر جگہ

ترکیب نماز

نماز فرض ہے اور کسی صورت میں معاف نہیں صرف عورتوں کے لئے بعض حالات میں معاف ہے۔ تمام عبادتوں میں نماز اللہ تعالیٰ کے لئے بہت پسند ہے۔ بندہ پاک صاف ہو کر اہتمام کے ساتھ جب اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اللہ جل جلالہٗ کو یہ طریقہ بہت بھلا لگتا ہے۔ نماز افضل ترین عبادت ہے۔ اس کا مقصد اللہ کی خوشنودی ہے۔ نماز سے انسان کو بہت سے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ خاص فائدہ تزکیہ نفس ہے وہ پاک صاف رہتا ہے، گناہوں سے بچتا ہے، دل میں اللہ کا خوف رہتا ہے۔ اس میں باقاعدگی اور وقت کی پابندی کی عادت پڑ جاتی ہے۔ نماز باجماعت سے معاشرہ سے نظم و نسق کی تعمیر ہوتی ہے۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ بیشک نماز بُرائیوں سے بچاتی ہے۔ حرام چیزوں سے نافرمانیوں سے دُور رکھتی ہے۔

شرائط نماز :- نماز سے پہلے کچھ باتیں ضروری یعنی نماز کی تیاریاں اور پھر نماز میں کچھ باتیں ضروری اور کچھ بہتر ہیں۔ ہم یہاں یہ سب باتیں بیان کرتے ہیں۔

۱. فرائض نماز :- یعنی جن کے بغیر نماز صحیح نہیں ہو سکتی۔ وضو کرنا، نماز کا وقت ہونا، رُخ بجانب قبلہ ہونا، جسم کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا۔ نماز کی نیت، تکبیر، قیام، قرأت، رکوع، سجود وغیرہ کرنا، نماز میں منہ ہاتھ پاؤں وغیرہ کے علاوہ جسم کو ڈھانکنا۔ عورتوں کے لئے ستر پوشی کا خیال رکھنا لازم ہے۔ اگر باریک تر کپڑے جیسے ململ وغیرہ سے ستر پوشی کرے گی تو نماز نہ ہوگی۔

۲. واجبات نماز :- نماز میں الحمد یعنی سورہ فاتحہ پڑھنا۔ اس کے ساتھ کسی اور سورہ یا آیات کا پڑھنا نماز ترتیب سے پڑھنا۔ التحیات کے لئے بیٹھنا۔ ختم نماز پر سلام پھیرنا دائیں بائیں۔ وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔

نماز لازم ہے کہ اطمینان سے پڑھے۔ اگر تنہا ہے تو قرأت باآواز کرے یا خاموش پڑھے لیکن امام ہے تو دو رکعتوں میں قرأت باآواز کے لئے صبح، مغرب، عشا کی نماز نیز جمعہ اور عیدین کی نماز ہیں۔

۳. سنت :- نماز شروع کرنے پر پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔ ہر رکن رعمل کی ابتدا میں (مثلاً رکوع، سجود، قیام وغیرہ کے وقت) تکبیر کہے گا۔ قیام میں ہاتھ باندھتے پر دایاں ہاتھ اوپر رکھنا۔ ثنا یعنی سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھنا۔ آمین خاموش کہنا۔ کم از کم تین بار رکوع اور سجدوں میں تسبیح پڑھنا۔ سمع اللہ لمن حمدہ کہنا۔ رکوع کے سیدھے کھڑے ہو کر سجدے میں جانا، دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا، پہلی اور تیسری رکعتوں کے بعد جلدی اٹھنا۔ التحیات کے وقت بائیں پہلو پر بیٹھنا۔

۴. مستحبات :- نماز اطمینان سے پڑھنا۔ ہرگز جلدی نہ کرنا۔ نماز میں ہر رکن کو توجہ، سکون اور اطمینان سے ادا کرنا۔ قرأت کے وقت ہر لفظ کو سمجھ کر پڑھنا، توجہ، خشوع اور خضوع سے نماز پڑھنا۔

۵. مکروہات :- نماز میں یہ باتیں مکروہ ہیں نماز پڑھتے وقت مٹی یا کسی اور چیز سے اپنے کپڑے کو بچانے کی کوشش کرنا، اِدھر اُدھر دیکھنا، انگڑائیاں لینا، سجدہ کرتے وقت زمین پر بازو رکھنا یعنی پورا ہاتھ بچھا دینا۔ کمرے میں نماز کی جگہ ہر طرف تصاویر کا آویزاں کرنا۔ میلے کچیلے کپڑوں میں نماز پڑھنا۔ نماز میں سجدہ کرتے وقت زمین سے مٹی ہٹانا۔ پہلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود بے وجہ پیچھے کھڑے ہونا۔ دور دور کھڑے ہونا۔ سہولت کے لئے بے وجہ کسی کا سہارا لیکر نماز پڑھنا۔

۶. مفسدات نماز :- یعنی جن باتوں سے نماز ٹوٹ جاتی ہے :- نماز میں بات چیت کرنا، سلام کا جواب دینا، امام کے علاوہ کسی اور کو قرأت کے وقت لقمہ دینا، تحریر پڑھ کر نماز ادا کرنا۔ ناپاک جگہ پر نماز پڑھنا۔ نماز میں کھانا پینا بے ضرورت نماز کے دوران میں معمولی سا بھی کوئی فعل بار بار کرنا (عمل کثیر)

نماز کے آٹھ ضروری احکام :- نماز میں کبھی کبھی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ ان غلطیوں کے بھی درجے ہیں۔ اور نماز متاثر ہوتی ہے۔ نماز بہت احتیاط اور توجہ سے پڑھنی چاہئے۔

(۱) نماز میں کوئی فرض چھوڑ دینے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ جان بوجھ کر فرض کا منکر کافر ہو جاتا ہے۔

۲. واجب :- نماز میں کوئی واجب چھوٹ گیا تو نماز ٹوٹتی نہیں بلکہ نامکمل رہ جاتی ہے۔ اور اس سے گنہگار ہے۔

۳. سنت مؤکدہ :- وہ عمل ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کرتے رہے۔ اُسے دانستہ کسی نے چھوڑ دیا تو مواخذہ ہوگا۔

۴. مستحب :- وہ عمل ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کرتے اور کبھی نہ کرتے تھے۔ کرنا بہتر ہے نہ کرنا بھی گناہ نہیں ہے۔

۵. فعل مباح :- یعنی وہ عمل جس کے کرنے یا نہ کرنے ثواب ہے نہ عذاب۔ (۶) حرام :- وہ افعال ہیں جنھیں کرنے سے شریعت کرنے سے منع کر دیا ہے۔ انھیں کرنے سے سخت عذاب ہوگا۔

۷. مکروہات :- وہ ہیں جن کی ممانعت میں شک ہو۔ کرنے میں ثواب اور نہ کرنے میں عذاب کا خطرہ ہے۔ (۸) مفسد نماز :- وہ نماز جسے کرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ اور اگر قصداً کیا تو گنہگار ہوگا۔

اب ذیل میں نمازوں کے اوقات و دیگر تفصیلات پیش کئے جاتے ہیں :-

نمبر	اوقات	رکعتیں	تعداد	مقررہ اوقات
۱	فجر	دو سنت مؤکدہ، دو فرض	۴	پو پھٹنے اور سورج نکلنے سے پہلے
۲	ظہر	چار سنت مؤکدہ، چار فرض، دو سنت مؤکدہ، دو نفل	۱۲	دوپہر کے ڈھلنے سے اس وقت تک جب ہر چیز کا سایہ اپنے اصل سایہ سے دوگنا ہو جائے
۳	عصر	چار سنت غیر مؤکدہ، چار فرض	۸	ظہر کا وقت ختم ہونے کے بعد سے سورج کے غروب ہو جانے سے پہلے تک
۴	مغرب	تین فرض دو سنت مؤکدہ دو نفل	۷	غروب آفتاب کے بعد سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک رہتا ہے لیکن فوراً پڑھ لینا افضل ہے
۵	عشاء	چار سنت، چار فرض، دو سنت مؤکدہ، دو نفل، تین وتر واجب، دو نفل	۱۷	رات کے وقت غروب آفتاب کے ڈیڑھ دو گھنٹے کے بعد سے صبح صادق تک
۶	جمعہ	چار سنت مؤکدہ، دو فرض باجماعت، چار سنت، دو سنت، نفل	۱۴	ظہر کا وقت
۷	عیدین	دو رکعت واجب	۲	طلوع آفتاب بعد جبکہ سورج پورے طور پر روشن ہو جائے دوپہر تک وقت ہے۔ عجلت میں افضل ہے

نقشہ گھڑی پلوں کو گھنٹوں منٹوں میں بدلنا

پل	منٹ	سیکنڈ	پل	منٹ	سیکنڈ	پل	منٹ	سیکنڈ	پل	منٹ	سیکنڈ
١	٠	٢٤	١٦	٦	٢٤	٣١	١٢	٢٤	٤٦	١٨	٢٤
٢	٠	٤٨	١٧	٦	٤٨	٣٢	١٢	٤٨	٤٧	١٩	٤٨
٣	١	١٢	١٨	٧	١٢	٣٣	١٣	١٢	٤٨	١٩	١٢
٤	١	٣٦	١٩	٧	٣٦	٣٤	١٣	٣٦	٤٩	٢٠	٣٦
٥	٢	٠	٢٠	٨	٠	٣٥	١٤	٠	٥٠	٢٠	٠
٦	٢	٢٤	٢١	٨	٢٤	٣٦	١٤	٢٤	٥١	٢٠	٢٤
٧	٣	٤٨	٢٢	٨	٤٨	٣٧	١٥	٤٨	٥٢	٢١	٤٨
٨	٣	١٢	٢٣	٩	١٢	٣٨	١٥	١٢	٥٣	٢١	١٢
٩	٣	٣٦	٢٤	٩	٣٦	٣٩	١٦	٣٦	٥٤	٢٢	٣٦
١٠	٤	٠	٢٥	١٠	٠	٤٠	١٦	٠	٥٥	٢٢	٠
١١	٤	٢٤	٢٦	١٠	٢٤	٤١	١٦	٢٤	٥٦	٢٢	٢٤
١٢	٤	٤٠	٢٧	١١	٤٨	٤٢	١٧	٤٨	٥٧	٢٢	٤٨
١٣	٥	١٢	٢٨	١١	١٢	٤٣	١٧	١٢	٥٨	٢٣	١٢
١٤	٥	٣٦	٢٩	١١	٣٦	٤٤	١٠	٣٦	٥٩	٢٣	٣٦
١٥	٦	٠	٣٠	١٢	—	٤٥	١٨	٠	٦٠	٢٤	٠

گھڑی	گھنٹہ	منٹ	گھڑی	گھنٹہ	منٹ	گھڑی	گھنٹہ	منٹ	گھڑی	گھنٹہ	منٹ
١	—	٢٤	١٦	٦	٢٤	٣١	١٢	٢٤	٤٦	١٨	٢٤
٢	١	٤٨	١٧	٦	٤٨	٣٢	١٢	٤٨	٤٧	١٨	٤٨
٣	١	١٢	١٨	٧	١٢	٣٣	١٣	١٢	٤٨	١٨	١٢
٤	١	٣٦	١٩	٧	٣٦	٣٤	١٣	٣٦	٤٩	١٩	٣٦
٥	٢	٠	٢٠	٨	٠	٣٥	١٤	٠	٥٠	١٩	٠
٦	٢	٢٤	٢١	٨	٢٤	٣٦	١٤	٢٤	٥١	٢٠	٢٤
٧	٣	٤٨	٢٢	٨	٤٨	٣٧	١٤	٤٨	٥٢	٢٠	٤٨
٨	٣	١٢	٢٣	٩	١٢	٣٨	١٥	١٢	٥٣	٢٠	١٢
٩	٣	٣٦	٢٤	٩	٣٦	٣٩	١٥	٣٦	٥٤	٢١	٣٦
١٠	٤	٠	٢٥	١٠	٠	٤٠	١٦	٠	٥٥	٢١	٠
١١	٤	٢٤	٢٦	١٠	٢٤	٤١	١٦	٢٤	٥٦	٢٢	٢٤
١٢	٤	٤٨	٢٧	١١	٤٨	٤٢	١٦	٤٨	٥٧	٢٢	٤٨
١٣	٥	١٢	٢٨	١١	١٢	٤٣	١٧	١٢	٥٨	٢٣	٦
١٤	٥	٣٦	٢٩	١١	٣٦	٤٤	١٧	٣٦	٥٩	٢٣	٣٦
١٥	٦	٠	٣٠	١٢	٠	٤٥	١٨	٠	٦٠	٢٤	٠

نظرات سیارگان: سیارگان کی پانچویں اور نویں نظر کو نظر تثلیث کہتے ہیں۔ ایک راشی پر اکٹھے ہونے کو قران اور پہلی ساتویں نظر کو مقابلہ کہتے ہیں چوتھی اور دسویں نظر کو نظر تربیع کہتے ہیں تیسری اور گیارہویں نظر کو تسدیس کہتے ہیں۔ نظر تربیع نظر مقابلہ سے کم اثر رکھتی ہے۔ نظر تسدیس نیم دوستی کے لئے نظر تربیع نیم دوستی کے لئے۔ ذیل میں نظر تثلیث نظر مقابلہ اور قران کا نتیجہ لکھا ہے باقی اس طرح تصور کریں۔

نظرات مقابلہ

نظرات مقابلہ		نتیجہ نظرات مقابلہ
چندرماں	سورج	فتنہ فساد درمیان سلاطین کے لئے بہتر اور مفید ہے
منگل	سورج	برائی جنگ وجدل رفتشر کرنے مخالفوں کے لئے
سورج	برہسپت	شرارت [illegible]
سورج	سنیچر	دو محبوبوں کے درمیان عداوت وجدائی کرنے کے لئے
چندرماں	منگل	دشمن وزیر دور کرنے کے لئے حشرات الارض کے لئے
چندرماں	بدھ	دوستوں میں جدائی کرانے کے لئے
برہسپت	چندرماں	اسرار مخفی کے انکشافات کے لئے بہتر ہے
چندرماں	شکر	عورتوں کی مردوں سے مخالفت کرانے کے لئے
چندرماں	سنیچر	دشمن کو بیمار ڈالنے اور اس کی ہلاکت کے لئے ہے۔
بدھ	منگل	بیمار کرنے اہل قلم و بستہ کاروبار کے لئے
برہسپت	منگل	عذاب شدید پیدا کرنے کے لئے بہتر ہے۔
شکر	منگل	دو محبوبوں کے درمیان فرقت وعداوت کے لئے
سنیچر	منگل	واسطے ہلاکت دشمن اور رقیب کے لئے بہتر ہے
بدھ	برہسپت	خراب وتباہ کرنے دشمن کے املاک کے لئے
بدھ	سنیچر	تباہ وبرباد کلک واملاک کے لئے۔
بدھ	شکر	مخالفوں کے کاروبار اور دوستوں میں فرقت وجدائی
برہسپت	سنیچر	کسی کو مرتبے سے گرانے کے لئے مفید ہے۔
شکر	سنیچر	مردوں اور عورتوں میں فتنہ وفساد پیدا کرتا ہے۔

نتیجہ نظرات وتثلیث

نظرات مقابلہ		نتیجہ نظرات وتثلیث
چندرماں	سورج	محبت درمیان سلاطین وامراء کے لئے اچھا ہے
سورج	منگل	سفر کرنے اہل فوج اور تسخیر کرنے سلاطین کے لئے ہے
سورج	بدھ	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ترقی اور نام آوری سلاطین کے لئے
سورج	سنیچر	برائے حصول مدعا اور طلب حاجات کے لئے بہتر ہے۔
چندرماں	منگل	برائے دفعیہ حاسدان اور خواب بندی کے لئے ہے
چندرماں	بدھ	برائے تسخیر محبت اور وصل معشوق کے لئے ہے۔
چندرماں	برہسپت	برائے ترقی مرتبہ وجاہ وجلال کے لئے۔
چندرماں	شکر	وصل عورت اور محبت بڑھانے کے لئے
چندرماں	سنیچر	واسطے ترقی زراعت وشادابی کے لئے
منگل	بدھ	واسطے قوت اور شفائے بیماراں کے لئے۔
منگل	برہسپت	فتنہ وفساد کے دور کرنے کے لئے بہتر ہے۔
منگل	شکر	ترقی زراعت ومکان کے لئے۔
منگل	سنیچر	ترقی علم وصنعت وحرفت کے لئے
بدھ	برہسپت	حصول زر ومال کے لئے فائدہ مند اور بہتر ہے
بدھ	شکر	تسخیر جانوراں آبی۔ وصل محبوب کے لئے بہتر ہے
بدھ	سنیچر	برائے حل مشکلات کے لئے عمدہ ہے۔
برہسپت	سنیچر	برائے دفع غضب سلطان کے لئے بہتر ہے
شکر	سنیچر	واسطے محبت قائم رکھنے کے خوب ہے۔

چوری گئی چیز معلوم کرنا

١	٨	١٤	١٩	٢٣	٢٦	٢٨
٨	٢	٩	١٩	٢٠	٢٤	٢٧
١٤	٩	٣	١٠	١٦	٢١	٢٥
١٩	١٥	١٠	٤	١١	١٧	٢٢
٢٣	٢٠	١٦	١٠	٥	١٢	١٨
٢٦	٢٤	٢١	١٧	١٢	٦	١٣
٢٨	٢٧	٢٥	٢٢	١٨	١٣	٧

فال دیکھنے والے کو چاہیئے کہ جس کا مال چوری گیا وہ کسی چھوٹے بچے سے یہ کہکر کہ ان چیزوں کو کون لے گیا ہے نقشہ کے ایک خانہ پر اس سے انگلی رکھنے کو کہے جس خانہ میں وہ انگلی رکھے اس ہندسہ کو انیس سے ضرب دے اور جو عدد حاصل ہوں ان کو آٹھ پر تقسیم کرے اور جو باقی بچے اسکا جواب ہے اگر ایک باقی بچے تو مال مشرق کی طرف گیا ہے اگر دو بچیں تو مال شمال مشرق کے کونے میں گیا ہے اگر تین بچیں تو مغرب کی جانب اگر چار بچیں تو مال جنوب ومغرب کے کونے میں گیا ہے اگر پانچ بچیں تو مال شمال کی طرف۔ اگر سات بچیں تو جنوب کی طرف اور اگر کچھ نہ بچے برابر تقسیم ہو تو مال شمال مغرب کی طرف گیا ہے اب تقسیم کرنے سے اگر صفر باقی بچے تو چوری شدہ مال مل جائے گا۔ اگر طاق بچیں تو چیز نہیں ملے گی اب جو خارج قسمت باقی رہے اعداد جفت سے ضرب دیکر ۹ پر تقسیم کردو اگر خارج قسمت اعداد جفت ہوں تو عورت چور ہے اگر طاق اعداد ہوں تو مرد چور ہے بتقسیم جو عدد باقی رہیں وہ ایک سے تین تک ہوں تو ۲۰ سال کی عمر تک کا ہے اگر چار سے چھ بچیں تو چور ۲۱ سے ۴۵ سال کا اگر ۸ یا صفر تک بچے تو عمر رسیدہ یعنی زیادہ عمر کا ہے۔

گنڈ مول نچھتروں میں جنم

گنڈانت نچھتروں میں بیان

اشونی اشلیکھا مگھا جیشٹھا مول ریوتی ان چھ نچھتروں میں پیدائش ہونے سے گنڈ مول مانے ہیں جو منحوس خیال کئے جاتے ہیں مول نچھتر کے پہلے چرن میں پیدائش ہو تو پتا کا ناش ہو دوسرے میں ماتا کا ناش تیسرے میں دھن کا ناش چوتھے میں شانتی سے شبھ ہو جاتا ہے۔ اشلیکھا کے پہلے چرن میں شانتی سے شبھ ہوتا ہے دوسرے میں دھن ناش تیسرے میں ماتا کا اور چوتھے میں پتا کا ناش کرتا ہے اشونی نچھتر کے پہلے چرن میں پتا کو دکھ دوسرے میں سکھ تیسرے میں منتری کے سمان اور چوتھے چرن میں جنم ہونے سے راجہ کے سمان ہوتا ہے مگھا نچھتر کے پہلے چرن میں ماتا کو دوسرے میں پتا کو دکھ تیسرے چرن میں سکھ اور چوتھے میں دھن لابھ ہوتا ہے جیشٹھا کے پہلے چرن میں بڑے بھائی کا دوسرے میں چھوٹے بھائی کا تیسرے میں ماتا کا اور چوتھے میں اپنے آپ کا ناش کرتا ہے۔ ریوتی نچھتر کے پہلے چرن میں راجہ کے سمان دوسرے میں گرہ تیسرے میں دھن سے یکت اور چوتھے چرن میں جنم ہوں تو کئی طرح کے دکھ بھوگتا ہے۔

پنچک نچھتروں کی خاصیت

پانچ نچھتر دھنیشٹھا سے لیکر ریوتی نچھتر تک پنچک کہلاتے ہیں ان میں چارپائی بنوانا۔ لکڑی گھر کپڑا خریدنا، مردہ جلانا اور سفر کرنا ناقص ہوتا ہے گر ایکم کو مولا پنچمی کو بھرنی چھٹہ کو کرتکا نومی کو روہنی اور دسمی کو اشلیکھا نچھتر آجائے اور جو بچہ ایسے پیدا ہو وہ مر جائے گا۔ گاؤں یا کنوآں اگر آباد ہو وہ ویران ہو جائیگا شادی ہو تو عورت بیوہ ہو سفر کرے تو جانی و مالی نقصان ہوتا ہے۔

لڑکے کے دانت نکلنے کی خاصیت

اگر پیدائش سے ایک ماہ میں دانت نکلیں تو بچہ مر جائے۔ دو ماہ میں چھوٹے بھائی کو نقصان۔ تین ماہ میں ہمشیرہ کو۔ چوتھے ماہ میں ماتا کا ناش۔ پانچویں میں بڑے بھائی کو تکلیف۔ چھٹے میں والدین کو سکھ۔ ساتویں میں پتا کے لئے سکھدائی۔ آٹھویں میں قوی شریر نویں میں دھن۔ دسویں گیارہویں بارہویں میں سکھ۔

ناقص گرہوں کی شانتی کیلئے کارآمد نگینے. کس راشی والے شخص کو کونسا نگ پہننا چاہیئے؟

میکھ	برشچک	متھن	کنیا	برکھ	تلا	کرک	سنگھ	مکر	کنبھ	دھن	مین
مونگا		بنّا		ہیرا		موتی	مانک	نیلم		پکھراج	

ناقص گرہوں کے بُرے اثر کو دُور کرنے اور شبھ گرہوں کے اثر میں اضافہ کرنے کے لئے صحیح گرہ نگ بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ صحیح اور ٹھیک نگ جہاں دُنیاوی خوشحالی میں مددگار ہوتے ہیں وہاں کئی قسم کے لاعلاج دماغی اور پیچیدہ امراض میں بھی فائدہ مند ہوتے ہیں۔ مگر غور کریں کہ لاپرواہی سے غلط اور خراب نگ دھارن کر لینے سے کبھی دفعہ فائدہ ہونے کی بجائے نقصان ہونے کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے۔ غلط یا خراب نگ دھارن کرنے کی نسبت نگ دھارن نہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔ صحیح نگ دھات وغیرہ جڑنے لینے کے بعد متبرک (پاک) مہورت میں نگ کے مطابق منتر پڑھتے ہوئے دھارن کرنے سے نگ کے اثرات دوگنے ہو جاتے ہیں۔ آپ اپنی جنم کنڈلی کی بنا پر صحیح نگ کی جانکاری اور پہننے کا طریقہ جاننے کے لئے پندرہ روپے کا منی آرڈر بھیج سکتے ہیں۔ مزید نگوں کو پہننے کا طریقہ نیچے درج کیا جا رہا ہے۔

(پنّالال جیوتشی)

۱۔ مانک

اس کو سورج منی بھی کہتے ہیں۔ سندھوری اور سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کو سورج گرہ کی شانتی کے لئے اتوار کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں انامیکا انگلی میں پہننا چاہیئے۔ اتوار کو پکھ کرتیکا اترا کھاڑا یا اترا پھالگنی نکشتر ہو تو زیادہ اچھا ہے۔ مانک پتھر کی انگوٹھی پر "اوم گھرنی سوریائے نمہ" اس بیج منتر کا پاٹھ کرنا چاہیئے۔ مانک تیز بخار، سر درد، بواسیر اور آنکھوں کی بیماری کے لئے مشبہ ہے۔

۲۔ موتی

یہ چاندنی ہے اس کو شکل پکھ کے سوموار یا پورنماشی کے روز چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر چھوٹی انگلی میں دھارن کرنا چاہیئے۔ روہنی ہست یا شروَن نکشتر شبھ ہیں کم از کم چار رتی کا وزن ضرور ہونا چاہیئے۔ پیٹ کی بیماری، دانت کی بیماری، دل کی بیماری اور بلڈ پریشر وغیرہ بیماریوں میں فائدہ مند ہے موتی پتھر کا کشتہ چندر کانت ہے۔

۳۔ مونگا

لال سندھوری رنگ کا ہوتا ہے یہ منگل گرہ کی نمائندگی کرتا ہے ۸ رتی کا مونگا منگلوار کو مرگشرا چترا یا دھنشٹھا نکشتر میں یا مکر راشی کے چندرماں میں دھارن کرنا چاہیئے۔ اس کو سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں منگل کا بیج منتر پڑھ کر دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں دھارن کرنا چاہیئے۔ منتر اس طرح ہے۔ اوم بھوم بھومائے نمہ۔ مونگا مصفا خون معدے کی کمزوری سے پیدا شدہ بیماریوں جسمانی اور ذہنی کمزوریوں کیلئے مفید ہے۔

۴۔ پنّا

